★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 19 شعبان المعظم 1446ھ، 18 فروری 2025ء، 6 پھاگن 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 117

بدتہذیبی، بدتمیزی، بغض اور انتقام کو سیاست بنا دیا گیا

نواز شریف

بدتہذیبی، بدتمیزی، بغض اور انتقام کو سیاست بنا دیا گیا، معیشت اور اقدار تباہ کیں، جمہوریت کی پیٹھ میں خنجر گھونپا گیا، پاکستان ڈیفالٹ کے منہ سے واپس آیا، صدر (ن) لیگ

نواز شریف، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے ارکان اسمبلی کی ملاقات، عوامی فلاح کے منصوبوں، مستقبل کی سیاسی حکمت عملی پر مشاورت، نواز شریف اور شہباز شریف وعدوں کی تکمیل، وطن سے وفا کے نام ہیں، ارکان اسمبلی

لاہور (خبر نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ بدقسمتی ہے کہ ترقی کرتا ملک پٹڑی سے اتار دیا گیا، سیاست میں گند ڈال کر اسے تباہ کیا گیا، بدتہذیبی، بدتمیزی بغض اور انتقام کو سیاست بنا دیا گیا، معیشت اور اقدار تباہ کیں، جمہوریت کی پیٹھ (بقیہ نمبر 22)



اسلام آباد: وزیراعظم میاں شہباز شریف سے ورلڈ بینک کا وفد ملاقات کر رہا ہے

نائب وزیراعظم سلامتی کونسل اجلاس میں شرکت کے لیے نیویارک پہنچ گئے

اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل نمائندوں نے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا استقبال کیا

اسلام آباد (خبر نگار) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سلامتی کونسل کے اعلیٰ سطح اجلاس میں شرکت کے لیے نیویارک پہنچ گئے۔ ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان کے مطابق (بقیہ نمبر 23)

حضرت لعل شہباز قلندرؒ کا محبت، امن اور ہم آہنگی کا پیغام دلوں کو روشن کرتا ہے، بلاول بھٹو

بلاول بھٹو زرداری کی حضرت لعل شہباز قلندر کے سالانہ عرس کے موقع پر عقیدت مندوں کو دلی مبارکباد

تصوف انتہا پسندی اور عدم رواداری کے خلاف روشنی کا مینار ہے، انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے، پی پی پی چیئرمین

کراچی (خبر نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے حضرت لعل شہباز قلندر کے سالانہ عرس کے موقع پر عقیدت مندوں کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ میڈیا سیل بلاول ہاس کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق، پی پی پی چیئرمین نے کہا کہ حضرت لعل شہباز قلندر کا محبت، امن اور ہم آہنگی کا پیغام دلوں کو روشن کرتا ہے اور انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تصوف انتہا پسندی اور عدم رواداری کے خلاف روشنی کا مینار ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے عوام پر زور دیا کہ وہ حضرت لعل شہباز قلندر کی تعلیمات پر (بقیہ نمبر 53)



اسلام آباد، وفاقی وزیر جام کمال خان سے اسٹریلین وفد ملاقات کر رہا ہے

آسان کاروبار پروگرام کا اجرا، نوجوان جلاؤ گھیراؤ نہیں ملک کا ساتھ دیں

مریم نواز

آسان کاروبار کارڈ کے تحت بلاسود 10 لاکھ سے 3 کروڑ روپے تک قرضے دیئے جا رہے ہیں، پروگرام کے تحت ملنے والے قرضے کی 3 سال میں آسان اقساط پر واپسی ہوگی، تقریب سے خطاب

لاہور: (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آسان کاروبار پروگرام کا اجرا کر دیا اور کہا کہ نوجوان جلاؤ گھیراؤ نہیں ملک کا ساتھ دیں۔ آسان کاروبار فنانس اور آسان کاروبار کارڈ کی تقسیم کے سلسلے میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ آسان کاروبار کارڈ کے تحت بلاسود 10 لاکھ سے 3 کروڑ روپے تک قرضے دیئے جا رہے ہیں، پروگرام کے تحت ملنے والے قرضے کی 3 سال میں آسان اقساط پر واپسی ہوگی۔ مریم نواز نے چیک وصول کرنے والوں سے ان کے کاروبار کی تفصیلات معلوم کیں اور کہا کہ قرضے آپ کو ملے ہیں خوشی مجھے ہو رہی ہے، نواز شریف کی بیٹی آج ایک اور وعدہ پورا کرنے (بقیہ نمبر 46)

پنجاب حکومت کا نجی شراکت منصوبوں کے لیے پرانی اتھارٹی ختم کر کے نئی اتھارٹی قائم کرنے کا فیصلہ

نئی اتھارٹی عوامی نجی شراکت داری ایکٹ 2025 کے نام سے جانی جائیگی، تفصیلات پنجاب اسمبلی میں پیش

لاہور (آئی این پی) پنجاب حکومت نے نجی شراکت داری کے لیے پرانی اتھارٹی کو ختم کر کے ایک نئی اتھارٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، 2019ء والے ایکٹ کو ختم کر دیا جائیں گا تاہم ختم کرنے کا اطلاق فوری نہیں ہوگا۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق جاری منصوبوں پر 2019ء والے ایکٹ کے تحت کام مکمل کا ای جائے گا یا اسے نئے ایکٹ میں منتقل کر دیا (بقیہ نمبر 32)

پنجاب کے خوبصورت سیاحتی حسن کو دنیا کے سامنے لائیں گے، مریم نواز شریف

صوبے کے مختلف خطوں میں سیاحت کا بے پناہ پوٹینشل پوشیدہ ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ پنجاب کے خوبصورت سیاحتی حسن کو دنیا کے سامنے لائیں گے، صوبے کے مختلف خطوں میں سیاحت کا بے پناہ (بقیہ نمبر 35)



اسلام آباد: مولانا فضل الرحمٰن سے سابق وزیراعلیٰ پرویز خٹک ملاقات کر رہے ہیں

حضرت لعل شہباز قلندرؒ کا محبت، امن اور ہم آہنگی کا پیغام دلوں کو روشن کرتا ہے، بلاول بھٹو

بلاول بھٹو زرداری کی حضرت لعل شہباز قلندر کے سالانہ عرس کے موقع پر عقیدت مندوں کو دلی مبارکباد

تصوف انتہا پسندی اور عدم رواداری کے خلاف روشنی کا مینار ہے، انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے، پی پی پی چیئرمین

کراچی (خبر نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے حضرت لعل شہباز قلندر کے سالانہ عرس کے موقع پر عقیدت مندوں کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ میڈیا سیل بلاول ہاس کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق، پی پی پی چیئرمین نے کہا کہ حضرت لعل شہباز قلندر کا محبت، امن اور ہم آہنگی کا پیغام دلوں کو روشن کرتا ہے اور انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تصوف انتہا پسندی اور عدم رواداری کے خلاف روشنی کا مینار ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے عوام پر زور دیا کہ وہ حضرت لعل شہباز قلندر کی تعلیمات پر (بقیہ نمبر 53)

اسلام آباد، وفاقی وزیر جام کمال خان سے اسٹریلین وفد ملاقات کر رہا ہے

معیشت کو ٹھیک کرنے کیلئے دن رات محنت کی جا رہی ہے

وزیراعظم

جب ملک کی باگ ڈور سنبھالی تو حالات انتہائی مشکل تھے، سیاسی جھگڑوں سے نفرت پھیلتی ہے جو ملک کے لیے نقصان دہ ہے، پی ٹی آئی کے دور میں نفرت کا کلچر پروان چڑھا جس نے ملک کو نقصان پہنچایا

باہمی اتفاق و اتحاد سے ہی ملک کو ترقی دی جا سکتی ہے، مہنگائی کی شرح سنگل ڈیجٹ پر آ گئی ہے، بینکوں کا مارک اپ ریٹ بہتر ہوا ہے، آنے والے دنوں میں مہنگائی کا گراف مزید کم ہوگا، شہباز شریف کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ معیشت کو ٹھیک کرنے کیلئے دن رات محنت کی ہے مگر ابھی مزید محنت درکار ہے، جب ملک کی باگ ڈور سنبھالی تو حالات انتہائی مشکل تھے، سیاسی جھگڑوں سے نفرت پھیلتی ہے جو ملک کے لیے نقصان دہ ہے، پی ٹی آئی کے دور میں نفرت کا کلچر پروان چڑھا جس نے ملک کو نقصان پہنچایا، باہمی اتفاق و اتحاد سے ہی ملک کو ترقی دی جا سکتی ہے، مہنگائی کی شرح سنگل ڈیجٹ پر آ گئی ہے، بینکوں کا مارک اپ ریٹ بہتر ہوا ہے، آنے والے دنوں میں مہنگائی کا گراف مزید کم ہوگا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 29)



اسلام آباد: سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے بحرین کی کونسل کے سپیکر ملاقات کر رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی کے خط کا جواب آرمی چیف نے خود دیا ہے، احسن اقبال

بانی پی ٹی آئی کے خط کا جواب آرمی چیف نے خود دے دیا ہے، جو بھی سیاسی معاملات ہوں ان کا مرکزی ڈاک خانہ وزیراعظم کا دفتر ہوتا ہے

نارووال (خبر نگار) وفاقی وزیر احسن اقبال نے پی ٹی آئی قیادت کو وزیراعظم کو خط لکھنے کا مشورہ دیدیا۔ نارووال کے مسلم گرلز کالج میں گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال نے تحریک انصاف کی قیادت کو مشورہ دیا کہ اگر بانی پی ٹی آئی سنجیدہ ہیں اور اُن کے پاس تجاویز یا شکایات ہیں (بقیہ نمبر 64)

نیشنل پولیس اکیڈمی کو ملٹری اکیڈمی کاکول کی طرز پر استوار کرنے کا فیصلہ

اکیڈمی میں ایلیٹ فورس ٹریننگ سکول بھی قائم کیا جائے گا۔ جدید دور کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر، انڈور اور آؤٹ ڈور فائرنگ رینج بنانے کا فیصلہ، پریڈ گراؤنڈ کو وسیع اور خوبصورت بنانے کی ہدایت

وزیر داخلہ محسن نقوی کا نیشنل پولیس اکیڈمی کا دورہ، اکیڈمی کی تنظیم نو کے حوالے سے اعلیٰ سطح کے اجلاس کی صدارت، نیشنل پولیس اکیڈمی کی اپ گریڈیشن پلان پر بریفنگ

اسلام آباد (خبر نگار) نیشنل پولیس اکیڈمی کی تاریخ میں پہلی بار جدید خطوط پر اپ گریڈیشن کا منصوبہ تیار کر لیا گیا ہے، نیشنل پولیس اکیڈمی کو پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول کی طرز پر استوار کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ اکیڈمی میں ایلیٹ فورس ٹریننگ سکول بھی قائم کیا جائے گا جبکہ جدید دور کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر، انڈور اور آؤٹ ڈور فائرنگ رینج بنانے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے پریڈ گراؤنڈ کو وسیع اور خوبصورت بنانے کی ہدایت بھی جاری کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے نیشنل پولیس اکیڈمی کا دورہ کیا اور ٹیبلٹی روم میں اکیڈمی کی تنظیم نو کے حوالے سے اعلیٰ سطح کے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں نیشنل پولیس اکیڈمی کی اپ گریڈیشن پلان پر بریفنگ دی گئی۔ وفاقی (بقیہ نمبر 54)

تحریک انصاف کا 26ویں آئینی ترمیم کیخلاف کیس جلد سننے کا مطالبہ

جعلی مینڈیٹ سے بنی حکومت نے 26ویں ترمیم پاس کرائی، پی ٹی آئی کا اصولی مؤقف ہے 26ویں ترمیم کیس کی سماعت جلد سے جلد ہو: چیئرمین پی ٹی آئی

ہمارے مینڈیٹ کا تحفظ الیکشن کمیشن کی آئینی ذمہ داری تھی، ہمارا آج بھی یہی مؤقف ہے مینڈیٹ واپس لینے کا حق رکھتے ہیں، جمہوریت کیلئے عوام کا مینڈیٹ اور ووٹ بنیاد ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف نے جوڈیشری سے 26ویں آئینی ترمیم کیخلاف کیس جلد سننے کا مطالبہ کر دیا۔ پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ جعلی مینڈیٹ سے بنی حکومت نے 26ویں ترمیم پاس کرائی، پی ٹی آئی کا اصولی مؤقف ہے 26ویں ترمیم کیس کی سماعت جلد سے جلد ہو، تمام جج صاحبان بیٹھیں اور 26ویں ترمیم کا فیصلہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے مینڈیٹ کا تحفظ الیکشن کمیشن کی آئینی ذمہ داری تھی، ہمارا آج بھی یہی مؤقف ہے مینڈیٹ واپس لینے کا حق رکھتے ہیں، جمہوریت کیلئے عوام کا مینڈیٹ اور ووٹ بنیاد ہے۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی نے مذاکرات کیلئے کمیٹی بنائی، ہم آگے بڑھنا چاہ رہے تھے، حکومت نے مذاکرات سے (بقیہ نمبر 56)

نیپرا حکام نے کابینہ کی منظوری کے بغیر ہی اپنی تنخواہوں میں لاکھوں روپے کا اضافہ کر دیا

چیئرمین نیپرا کی مجموعی تنخواہ 32 لاکھ 50 ہزار روپے ہے، عہدیداروں کی تنخواہ 29 لاکھ 50 ہزار روپے تک پہنچ گئی

اسلام آباد (خبر نگار) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کے اعلیٰ حکام نے اپنی تنخواہوں میں 3 گنا تک اضافہ کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق نیپرا حکام نے کابینہ کی منظوری کے بغیر اپنی تنخواہوں میں اضافہ کیا، چیئرمین نیپرا کی مجموعی تنخواہ 32 لاکھ 50 ہزار روپے ہے، نیپرا عہدیداروں کی تنخواہ 29 لاکھ 50 ہزار روپے تک پہنچ گئی، نظر ثانی شدہ معاوضہ (بقیہ نمبر 40)

18 فروری سے 20 فروری تک بارش کا سسٹم پاکستان میں داخل ہوگا، اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، جہلم، چکوال اور اندرونِ پنجاب بارشوں کا امکان، محکمہ موسمیات

اسلام آباد (خبر نگار) محکمہ موسمیات کے مطابق طویل خشک سالی کے بعد 18 فروری سے 20 فروری تک بارش کا سسٹم پاکستان میں داخل ہوگا۔ اس حوالے سے مزید (بقیہ نمبر 39)

جسٹس بابر ستار کی عدالت میں رجسٹرار، ڈپٹی رجسٹرار سیکورٹی کیخلاف توہین عدالت کی کارروائی ختم

اسلام آباد (خبر نگار) اسلام آباد ہائیکورٹ نے رجسٹرار اور ڈپٹی رجسٹرار سیکورٹی کی توہین عدالت کارروائی کیخلاف اپیلیں منظور کر لیں، اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس بابر ستار کی عدالت میں رجسٹرار اور ڈپٹی رجسٹرار سیکورٹی کیخلاف توہین عدالت کی کارروائی ختم کر دی گئی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے لارجر بینچ (بقیہ نمبر 38)

پیکا ترمیمی ایکٹ کے خلاف درخواست پر لارجر بینچ تشکیل دینے کی استدعا

پیکا ترمیمی ایکٹ آزادی صحافت پر حملہ اور غیر آئینی اور غیر قانونی ہے، درخواست

اسلام آباد (خبر نگار) پیکا ترمیمی ایکٹ کے لیے دائر کی گئی درخواست پر لارجر بینچ تشکیل دینے کی استدعا کر دی گئی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ جرنلسٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے پیکا ترمیمی ایکٹ کیخلاف دائر درخواست پر سماعت قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے کی، جس میں عدالت نے کیس جسٹس انعام امین منہاس کی عدالت میں زیر التوا دیگر کیسز کے ساتھ (بقیہ نمبر 50)



گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان اٹک فتح جنگ میں نجی سکول کا افتتاح کرنے کے بعد دعا کر رہے ہیں



لاہور: وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن نابیان افراد کی سماجی شمولیت کے حوالے سے وزیراعلیٰ کی تشکیل کردہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جام کمال خان کا پری بجٹ سیمینار سے خطاب، صنعت اور حکومت کے اشتراک پر زور

ہم کئی چیلنجز کے باوجود جزوی کامیابی حاصل کرنے میں کامیاب رہے ہیں، وفاقی وزیر

ہم کئی چیلنجز کے باوجود جزوی کامیابی حاصل کرنے میں کامیاب رہے ہیں: وزیر تجارت

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے پری بجٹ سیمینار 2025-26 سے خطاب کرتے ہوئے معیشت کے استحکام اور مستقبل کی تجارتی پالیسیوں کی تشکیل میں صنعت اور حکومت کے اشتراک کی اہمیت پر زور دیا۔ یہ سیمینار وزارت تجارت کے زیر اہتمام منعقد کیا گیا، جہاں اسٹیک ہولڈرز کو اقتصادی چیلنجز اور ٹیرف میں اصلاحات پر تبادلہ خیال کرنے کا موقع

وزارت ماحولیاتی تبدیلی اور پیمرا کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

مقصد پاکستان بھر میں مختلف میڈیا چینلز کے ذریعے ماحولیاتی آگاہی بڑھانے اور پائیدار طریقوں کے فروغ کے لیے تعاون کرنا ہے

شراکت داری موسمیاتی تبدیلی کے فوری مسئلے کو حل کرنے کیساتھ ساتھ سبز مستقبل کیلئے اجتماعی کوششوں کو فروغ دینے کیلئے کام کریگی

اسلام آباد (خبر نگار) وزارت ماحولیاتی تبدیلی اور پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا نے) نے پیر کے روز ایک مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کر دیئے ہیں۔ مفاہمت کی یادداشت کا مقصد پاکستان بھر میں مختلف میڈیا چینلز کے ذریعے ماحولیاتی آگاہی بڑھانے اور پائیدار طریقوں کے فروغ کے لیے تعاون کرنا ہے، یہ شراکت داری موسمیاتی تبدیلی (بقیہ نمبر 49)

3 حکومتی ڈسکوز کا انتظامی کنٹرول پاور ڈویژن سے نجکاری کمیشن منتقل

نجکاری کمیشن نے آئیسکو، فیسکو اور گیپکو کو تمام معاملات سے آگاہ رکھنے کے احکامات جاری کر دیئے

اسلام آباد (خبر نگار) تین حکومتی بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کا انتظامی کنٹرول پاور ڈویژن سے نجکاری کمیشن کو منتقل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق نجکاری کمیشن نے آئیسکو، فیسکو اور گیپکو کو تمام معاملات سے آگاہ رکھنے کے احکامات جاری کر دیئے، ڈسکوز کو اپنے اکاؤنٹس اپ ڈیٹ رکھنے کی ہدایات جاری کر دی گئیں۔ ذرائع نے بتایا کہ ڈسکوز کو نئی تقرری، ترقی اور تبدیلی (بقیہ نمبر 33)

پاکستان سعودی عرب کی ویژن 2030 سے سیکھنے کیلئے پرعزم ہے

وزیر خزانہ

وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کا پاکستان میں بڑھتی ہوئی سعودی سرمایہ کاری پر اظہار اطمینان

سعودی عرب کی کامیابیوں سے پاکستان کو اپنی اقتصادی اصلاحات میں رہنمائی مل سکتی ہے، انٹرویو

پاکستان اور سعودی عرب کی شراکت داری طویل المدتی اور انتہائی مضبوط ہے، سعودی عرب وژن 2030 کے اہداف وقت سے پہلے حاصل کر رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے پاکستان میں بڑھتی ہوئی سعودی سرمایہ کاری پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کی وژن 2030 سے سیکھنے کے لیے پرعزم ہے، سعودی عرب کی کامیابیوں سے پاکستان کو اپنی اقتصادی اصلاحات میں رہنمائی مل سکتی ہے۔ وزیر خزانہ نے العلا کانفرنس کے موقع پر عرب نیوز کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی وژن 2030 سے سیکھنے کے لیے پرعزم ہے۔ سینیٹر اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کی شراکت داری طویل المدتی او (بقیہ نمبر 41)



لاہور: محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر پنجاب اور پنجاب سوشل سیکورٹی کے مابین سوشل سیکورٹی ہسپتالوں میں ای پی آئی سنٹرز کے قیام کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے جا رہے ہیں

پنجاب پولیس کے 5 ڈی آئی جیز کے تقرر و تبادلے

لاہور (خبر نگار) پنجاب حکومت نے 5 ڈی آئی جی پولیس کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق عمران کشور کو ڈی آئی جی ایڈمنسٹریشن لاہور کی (بقیہ نمبر 42)

ابھی تک فواد چوہدری پی ٹی آئی میں شامل نہیں، شوکت یوسف زئی

پشاور (خبر نگار) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما شوکت یوسفزئی کا کہنا ہے کہ ابھی تک فواد چوہدری پی ٹی آئی میں شامل نہیں ہیں۔ نجی ٹی وی پروگرام میں (بقیہ نمبر 43)

کھسر پھسر پر قومی اسمبلی کی سیٹ کیوں چھوڑوں؟ شیر افضل مروت

4 دن سے نعرے لگا رہا ہوں مجھے نکالے جانے کی وجہ تو بتا دیں

اتنی بھی ہٹ دھرمی اور مطلق العنانیت نہیں ہوتی، رکن قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف سے نکالے جانے والے رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ وہ کھسر پھسر پر قومی اسمبلی کی سیٹ کیوں چھوڑیں؟ پارٹی پر قبضہ نہیں ہونے دیں گے۔ ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کے دوران صحافی نے سوال کیا کہ 26ویں آئینی ترمیم پر جو غائب تھے، بانی نے انہیں نکالنے کا اور زین قریشی کو چھوڑ دینے کا کہا، اس پر شیر افضل نے کہا کہ شاہ محمود قریشی کی وجہ سے زین قریشی کا لحاظ کیا گیا ہے، وہ شاہ محمود کا بیٹا ہے اور ان کی قربانیاں ہیں، یہ ماننا پڑیگا، یہ موروثی سیاست کے زمرے میں نہیں بلکہ تفریق کے زمرے (بقیہ نمبر 45)

مجلس شوریٰ پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی گئی

اسلام آباد (خبر نگار) مجلس شوریٰ پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی گئی۔ صدر نے مجلس شوریٰ پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس 24 جنوری، 2025 کو طلب کیا گیا تھا۔

پہلے ہی کہا تھا رواں سال پی ٹی آئی میں اختلافات بڑھیں گے، منظور وسان

بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے امکانات نہیں ہوں گے تو یہ آپس میں لڑیں گے، میڈیا سے گفتگو

انٹرنیشنل قوتوں کا جس طرح انتظار کیا جا رہا تھا اب ان کی طرف سے رسپانس نہیں آ رہا

رانی پور (خبر نگار) پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما منظور وسان نے کہا ہے کہ پہلے ہی کہا تھا رواں سال پی ٹی آئی میں اختلافات بڑھ جائیں گے۔ کوٹ ڈیجی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے منظور وسان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی رہنما ایک دوسرے کو تھپڑ مار رہے ہیں، اس سے بھی زیادہ ان کے اختلافات بڑھیں گے، بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے امکانات نہیں ہوں گے تو یہ (بقیہ نمبر 44)

سیہون حادثے پر پنجاب حکومت نے سیاست کرنے کی کوشش شرجیل میمن

پی ٹی آئی کی کارکردگی اچھی ہے تو لوگ روزگار کیلیے پختونخوا سے سندھ کیوں آتے ہیں؟ شرجیل میمن

قومی شاہراہوں پر حادثات ن لیگ کی نااہلی ہے، پنجاب کی وزیراعلیٰ، وزیر اطلاعات بغیر حقائق بیانات دیتی ہیں، سینئر صوبائی وزیر

کراچی (خبر نگار) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ 9 مئی کا انتشار عمران خان نے پھیلایا جب کہ ملک کو نقصان پہنچانا بھی پی ٹی آئی کی ترجیحات کا حصہ ہے، قومی شاہراہوں پر حادثات ن لیگ کی نااہلی ہے، وزیر اطلاعات پنجاب نے ٹریفک (بقیہ نمبر 52)

کمیٹی کی طاقت ہی اسمبلی کی طاقت ہے: سپیکر پنجاب اسمبلی

جہاں بھی پارلیمانی حکومت ہے، وہاں کمیٹیوں کا کردار نہایت اہم ہوتا ہے

پنجاب اسمبلی میں کونسل آف چیئرپرسنز اجلاس، کمیٹیوں کی فعالیت پر تفصیلی غور

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی زیر صدارت پنجاب اسمبلی میں کونسل آف چیئرپرسنز کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسمبلی کے قواعد و ضوابط میں ترامیم، اسٹینڈنگ کمیٹیوں کے زیر التواء امور اور ان کے اجلاسوں کے شیڈول پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس کے دوران سپیکر ملک محمد احمد خان نے کمیٹیوں کے کردار اور ان کی فعالیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ جہاں بھی پارلیمانی حکومت ہے، وہاں کمیٹیوں کا کردار نہایت اہم ہوتا ہے۔ کمیٹی کی طاقت ہی اسمبلی کی طاقت ہے۔ دنیا میں لوگ ایگزیکٹو کو بوجھ سمجھتے ہیں اور پارلیمان کی جانب دیکھتے ہیں۔ پارلیمان وہ جگہ ہے جس سے لوگوں کو امید ہوتی ہے اور جہاں (بقیہ نمبر 47)



لاہور: سپیکر ملک محمد احمد خان کی زیر صدارت پنجاب اسمبلی کے رواں اجلاس میں اراکین اسمبلی اظہار خیال کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض
سٹی نیوز

ویٹرنری یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس کی ڈیری ایشیاء ایکسپو 2025 میں شرکت

مسٹر حسین نے ویٹرنری یونیورسٹی میں تیار کردہ دودھ سے بنی مصنوعات کی تعریف کی

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کے وائس چانسلر میری ٹو رئیس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (تمغہ امتیاز) نے ویٹرنری یونیورسٹی کے نمائشی سٹال کا دورہ کیا اور وہاں سٹالز پر موجود دودھ سے بنی مختلف مصنوعات (پنیر، ذائقے دار دودھ) کی کوالٹی کا جائزہ



ڈیری ایشیاء ایکسپو 2025 کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔ اپنے دورہ کے دوران اُنہوں نے ڈین فیکلٹی آف ویٹرنری سائنس پروفیسر ڈاکٹر انیلہ ضمیر درانی کے ہمراہ ڈیری ایشیاء ایکسپو میں قائم ویٹرنری یونیورسٹی کے سٹال کا افتتاح بھی کیا۔ دریں اثناء چیف ایگزیکٹیو آفیسر/مینجنگ ڈائریکٹر نیسلے پاکستان مسٹر حسین ایون سینا نے لیا۔ مسٹر حسین نے ویٹرنری یونیورسٹی میں تیار کردہ دودھ سے بنی مصنوعات کی بے حد تعریف کی اور فیکلٹی ممبران کی کاوشوں کو سراہا۔ اُس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس نے کہا کہ ڈیری ایشیاء ایکسپو جیسے میگا ایونٹ کا انعقاد پاکستان میں لائیو سٹاک سیکٹر کی ترقی اور ملکی معیشت کو مستحکم بنانے کے لیئے انتہائی موثر ہے۔



لاہور: حضرت بابا نظام شاہ مجذوب میانی کے سالانہ عرس پر خادم اعلیٰ انتظامیہ حاجی محمد یوسف، محمد عمران یوسف و دیگر چادری پوشی کے بعد دعا کر رہے ہیں



پروفیسر ڈاکٹر محمد معین پروفیسر ڈاکٹر جاوید اقبال چودری کو منطقی کلینیکل میٹنگ کے کامیاب انعقاد پر گلدستہ پیش کر رہے ہیں جبکہ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر اسد اسلم خان اور پروفیسر ڈاکٹر ناصر چوہدری بھی موجود ہیں

آفتھلمولوجیکل سوسائٹی آف پاکستان ماہانہ کلینیکل میٹنگ کے موقع پر علمی مباحثوں اور تعزیتی ریفرنس کا انعقاد

اجلاس کی صدارت او ایس پی کے صدر پروفیسر ڈاکٹر جاوید اقبال چوہدری نے کی

جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر ناصر چوہدری سمیت پروفیسر ڈاکٹر خلیل رانا، پروفیسر آیمرائٹس ڈاکٹر اسد اسلم خان، پروفیسر ڈاکٹر محمد معین پروفیسر نذیر احمد عاصی، پروفیسر ڈاکٹر سلیم اختر، پروفیسر ڈاکٹر قمر السلام لودھی، پروفیسر ڈاکٹر ذہرہ بخاری، پروفیسر ڈاکٹر ہما کیانی، بھی شریک

ڈاکٹر فاطمہ ریاض آربیٹل ٹراما کے علاج میں نئے طریقہ کار پر مقالہ پیش کرتے ہوئے اول پوزیشن پر رہیں

ڈاکٹر شبنم زاہد نے ''کیٹ سکریچ ڈزیز کے کلینیکل پہلوؤں'' پر روشنی ڈالتے ہوئے دوسری پوزیشن حاصل کی

لاہور (خبر نگار) آفتھلمولوجیکل سوسائٹی آف پاکستان کی ماہانہ کلینیکل میٹنگ 15 فروری کو کالج آف آفتھالمالوجی اینڈ آئی ڈیژیز سائنسز، میو ہسپتال لاہور کے اسد اسلم آڈیٹوریم میں منعقد ہوئی۔ اس پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوا، جس کے بعد سائنٹیفک سیشنز، علمی مباحثوں، اور مرحوم اساتذہ کے لیے تعزیتی ریفرنس شامل تھے۔ اجلاس کی صدارت او ایس پی کے صدر پروفیسر ڈاکٹر جاوید اقبال چوہدری نے کی، جبکہ جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر ناصر چوہدری سمیت سوسائٹی کے ممتاز اراکین بشمول پروفیسر ڈاکٹر خلیل رانا، پروفیسر نذیر احمد عاصی، پروفیسر ڈاکٹر سلیم اختر، پروفیسر ڈاکٹر قمر السلام لودھی، پروفیسر آیمرائٹس ڈاکٹر اسد اسلم خان، پروفیسر ڈاکٹر محمد معین، پروفیسر ڈاکٹر ذاہرہ بخاری، پروفیسر ڈاکٹر ہما کیانی، فیکلٹی، اور امراضِ چشم کے طلباء طالبات بھی اس کلینیکل میٹنگ کا حصہ تھے۔ کلینیکل میٹنگ کے سائنٹفک سیشن میں پوسٹ گریجویٹ ریزیڈنٹس کے درمیان سائنٹیفک مقالہ جات کا مقابلہ شامل تھا، جس میں شرکا نے آنکھوں کے امراض کے جدید علاج پر تحقیق پیش کیں۔ جس میں ڈاکٹر فاطمہ ریاض آربیٹل ٹراما کے علاج میں نئے طریقہ کار پر مقالہ پیش کرتے ہوئے اول پوزیشن پر رہیں۔ ڈاکٹر شبنم زاہد نے ''کیٹ سکریچ ڈزیز کے کلینیکل پہلوؤں'' پر روشنی ڈالتے ہوئے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ ڈاکٹر عبدالباسط آنکھ کے پردے کی امراض کی تشخیص اور علاج پر جامع تحقیق پیش کرتے ہوئے تیسری پوزیشن پر رہے۔ اس کے علاوہ ایک ہاؤس آفیسر نے ریٹینوبلاسٹوما کی انٹرنیشنل آف پری میچورٹی کے کلینیکل ڈیٹا کی بنیاد پر ایک خصوصی رپورٹ پیش کی، جو مقابلے کا حصہ نہیں تھی، مگر علمی حلقوں میں سراہی گئی۔ اس سائنٹیفک سیشن میں شریک ڈاکٹرز جنہوں نے پوزیشنز حاصل کی اُن کی حوصلہ افزائی کے لیے شیلڈز، کیش انعامات اور سرٹیفکیٹ سے حوصلہ افزائی کی۔ اجلاس کے مہمانِ خصوصی پروفیسر ڈاکٹر محمد عمران (چیئرمین میڈیکل یونٹ اور رجسٹرار کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی) نے ذیابیطس کے علاج میں جدید طبی عملی پر لیکچر دیا، جس نے شرکا کو نئے تحقیقی رجحانات سے آگاہ کیا۔ میٹنگ کے اختتام پر سوسائٹی کے دو مرحوم اراکین پروفیسر علی حیدر شہید اور پروفیسر ڈاکٹر انوار الحق ہاشمی کی یاد میں تعزیتی ریفرنس منعقد ہوا۔ اختتام پر دعا اور تمام شرکا کے ایک منٹ کے خاموش عقیدت کے بعد، مرحومین کی علمی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ او ایس پی کے صدر پروفیسر ڈاکٹر جاوید چودھری نے تمام شرکا، مہمانوں، پروفیسر ڈاکٹر محمد معین کا بطور پرنسپل کالج آف آفتھلمالوجی اینڈ الائیڈ ویژن سائنسز کے بھرپور تعاون کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

پاکستان اور ترکی میں 24 معاہدے تجارت 5 ارب ڈالر لانے معیشت مستحکم ہوگی، راجہ وسیم حسن

تجارت، سرمایہ کاری سمیت مختلف شعبوں میں تعاون سے معاشی استحکام زرمبادلہ ذخائر میں اضافہ ہوگا، صدر لوہا مارکیٹ شہید گنج

لاہور (پ ر) تاجر رہنما ترجمان پاکستان انڈسٹریل اینڈ ٹریڈ رز ایسوسی ایشن فرنٹ ییف وصدر لوہا مارکیٹ شہید گنج لاہور راجہ وسیم حسن پاکستان نے پاکستان اور ترکی کے درمیان 24 معاہدوں پر دستخط اور دونوں ممالک کے درمیان تجارت 5 ارب ڈالر لانے پر اتفاق کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے ملکی معیشت مستحکم ہوگی۔ پاکستان اور ترکی کے درمیان دوطرفہ تجارت کو 5 ارب ڈالر سالانہ تک بڑھانے سمیت اقتصادی شراکت داری کو مضبوط بنانے سے ملکی صنعتی شعبہ ترقی کرے گا۔ پاکستان اور ترکی برادر اسلامی ممالک ہیں پاکستان ترکی کی تیز رفتار اقتصادی، معاشی ترقی سے استفادہ حاصل کر کے خوشحالی و ترقی کی راہوں پر گامزن ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شہید گنج کے تاجروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ راجہ وسیم حسن نے کہا کہ ترکی اور پاکستان کے درمیان پائیدار شراکت داری کو فروغ مل رہا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان مفاہمی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کیے گئے جن میں خصوصی اقتصادی زونز کا قیام بھی شامل ہے جو ترکی کی کمپنیاں بنائیں گی پاکستان میں خاص طور پر زرعی مشینری، آلات، اور بڑے پیمانے پر کار پوریٹ فارمنگ میں ترکی کی سرمایہ کاری کے امکانات میں اضافہ ہوا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی میں باہمی تعاون مضبوط ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ترکی میں باہمی شراکت داری کو مزید متحرک کرنے سے معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا اور ملک خوشحالی و ترقی کی راہوں پر گامزن ہوگا۔

نماز وں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25
میو ہسپتال لاہور
9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8
پی آئی سی لاہور
111-786-786

لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام/ ای ٹینڈرنگ جاری، منصوبہ کی کامیابی اہم ہے

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کا ٹاؤن ہال میں لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری ای ٹینڈرنگ کا جائزہ



لاہور (خبر نگار) ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے ٹاؤن ہال میں لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری ای ٹینڈرنگ کا جائزہ لیا۔ چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن لاہور، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ بھی ڈی سی لاہور کے ہمراہ تھے۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ ای ٹینڈرنگ کے عمل میں شفافیت کے معیار کو برقرار رکھا گیا۔ ڈی سی لاہور نے ٹھیکیداروں سے ملاقات کی اور ترقیاتی کاموں بارے تفصیلی گفتگو کی۔ انہوں نے ٹھیکیداروں کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کاموں کے معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ لاہور ڈویلپمنٹ پلان جیسے اہم منصوبے کی تکمیل کے لئے شفافیت سمیت معیار و بروقت تکمیل پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ انتظامیہ اہم منصوبہ کی کامیابی کیلئے مسلسل کوشاں ہیں۔

ویٹرنری یونیورسٹی میں SAVERS سوسائٹی کی تقریب حلف برداری کا انعقاد

وائس چانسلر میری ٹوریئس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (تمغہ امتیاز) نے حلف برداری تقریب کی صدارت کرتے ہوئے سیور سوسائٹی کے نئے عہدیداروں سے حلف لیا

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور میں اینیمل اینڈ ویٹر



نری ایمرجنسی ریلیف سوسائٹی (SAVERS) کے زیر اہتمام نویں ایلومینائی ری یونین اور حلف بر داری تقریب کا انعقاد سٹی کیمپس میں ہوا۔ وائس چانسلر میری ٹوریئس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (تمغہ امتیاز) نے حلف برداری تقریب کی صدارت کرتے ہوئے سیور سوسائٹی کے نئے عہدیداروں سے حلف لیا جبکہ دیگر اہم شخصیات میں ڈین فیکلٹی آف ویٹرنری سائنس پروفیسر ڈاکٹر انیلہ ضمیر درانی، ڈاکٹر محمد انیب کے علاوہ فیکلٹی ممبران اور طلبا و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس نے سیور سوسائٹی کے نئے عہدیداروں کو حلف دلایا۔ انہوں نے جانوروں کے علاج معالجے کے حوالے سے بہترین ویٹرنری سروسز مہیا کرنے پر سیور سوسائٹی کی کاوشوں کو سراہا اور طلبہ کو پوری محنت لگن کے ساتھ کام کرنے کی تاکید بھی کی۔

رکشہ ڈرائیور مہنگائی اور اپنے بچوں کو بھوک سے نڈھال دیکھ کر روز مرتا ہے: چیئرمین مجید غوری

ٹریفک پولیس رکشہ ڈرائیوروں اور موٹر سائیکل سواروں کے لئے خوف کی علامت بن چکی ہے

لاہور (پ ر) عوامی رکشہ یونین کے مرکزی چیئرمین مجید غوری نے کہا ہے کہ رکشہ ڈرائیور مہنگائی اور اپنے بچوں کو بھوک سے نڈھال دیکھ کر روز مرتا ہے۔ مزدور اللہ کے دوست ہیں۔ ٹریفک پولیس اللہ کے دوستوں پر ظلم کر رہی ہے۔ اسی وجہ سے بارشیں بھی نہیں ہو رہی ہیں۔ ٹریفک پولیس رکشہ ڈرائیوروں اور موٹر سائیکل سواروں کے لئے خوف کی علامت بن چکی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ اور آئی جی پنجاب اس ظلم اور زیادتی کا نوٹس لیں۔ رکشہ ڈرائیوروں پر ظلم سے لگتا ہے کہ پاکستان کی ترقی میں رکشہ ڈرائیور سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔ سی ٹی او لاہور کی جانب سے ریونیو اکٹھا کرنے کے لئے بھاری جرمانوں کے ٹارگٹ دے کر رکشہ ڈرائیوروں کی جیبوں پر ڈاکے ڈالے جا رہے ہیں۔ 14 گھنٹے رکشہ چلا کر اور خون پسینہ بہا کر جو 800 سے ہزار روپیہ اکٹھا کرتے ہیں وہ ٹریفک پولیس چالان کی شکل میں چھین لیتی ہے۔ منت سماجت کریں تو روڈ بلاک کا جھوٹا پرچہ کٹوا کر تھانوں میں بند کروا دیا جاتا ہے۔ ٹریفک پولیس کا کوئی اہلکار ٹریفک کنٹرول کرتا نظر نہیں آئے گا۔ ٹولیوں کے شکل میں ڈاکو ناکے لگائے جاتے ہیں۔ جیسے ہی رکشہ ڈرائیور نظر آتا ہے بغیر وجہ کے چالان کاٹ دیا جاتا ہے۔



چین کے وسطی صوبے ہونان کے شہر لیویانگ میں لوگ آتش بازی کے مظاہرے سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ شنہوا۔

نوٹکھا کے علاقے سے پولیس کا زیر حراست بدفعلی کا ملزم فرار ہو گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) نوٹکھا کے علاقے سے پولیس کا زیر حراست بدفعلی کا ملزم فرار ہو گیا، نوٹکھا پولیس نے انچارج ایس ایس آئی او یوسٹی ڈویژن محمد ارشد کی مدعیت میں ایس آئی خرم شہزاد اور کنسٹیبل اکرم کے خلاف اختیارات سے تجاوز اور غفلت لاپرواہی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کر دی بتایا گیا ہے کہ ایس ایس آئی او یوسٹی ڈویژن کا تھانیدار خرم شہزاد تھانہ گوالمنڈی میں درج بدفعلی کے ملزم تنویر الحسنین کو دو روز جسمانی ریمانڈ پر لایا جسے گزشتہ روز سب انسپکٹر خرم شہزاد ہمراہ کنسٹیبل اکرم ملزم تنویر الحسنین کو سی آر او کروانے تھانہ نوٹکھا لیکر گیا جہاں سے ملزم تنویر الحسنین پولیس حراست سے تھکڑی سے ہاتھ نکلوا کر فرار ہو گیا۔ نوٹکھا پولیس نے انچارج ایس ایس آئی او یوسٹی ڈویژن محمد ارشد کی مدعیت میں ایس آئی خرم شہزاد اور کنسٹیبل اکرم کے خلاف اختیارات سے تجاوز اور غفلت لاپرواہی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کر دی پولیس کا کہنا ہے کہ فرار ہونے والے ملزم کی گرفتاری کے لئے چھاپے جاری ہیں اسے جلد گرفتار کر لیں گے۔ پ

24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1416 ٹریفک حادثات

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1416 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 748 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی تحصیل و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 911 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (73 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 898 ڈرائیورز، 72 کم عمر ڈرائیور، 575 مسافر اور 203 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 241 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 304 متاثرین کے ساتھ پہلے، ×فیصل آباد 19 حادثات میں 106 متاثرین کے ساتھ دوسرے، گوجرانوالہ 77 حادثات میں 81 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔

نشتر کالونی پولیس نے 2 سالہ بچے کے سر میں شکار والی بندوق کا چھرہ مارنیوالا ملزم گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) نشتر کالونی پولیس نے 2 سالہ بچے کے سر میں شکار والی بندوق کا چھرہ مارنیوالا ملزم گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق نشتر کالونی کے علاقے میں خاتون بچے عیسیٰ کو لیے کر فارسی چوک کے قریب گلی میں جارہی تھی جہاں یاسر نامی ملزم نے ملزم نے اپنی ایئر گن سے بچے کو ڈرانے کی غرض سے فائر کیا جس کے نتیجے میں چھرہ بچے کے سر میں لگا جس کے باعث بچہ بے ہوش ہو گیا جسے فوری طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا 15 کی اطلاع پر مقامی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر کے بندوق برآمد کر لی اور ملزم کے خلاف متاثرہ بچے کی والدہ کی درخواست پر اقدام قتل کا مقدمہ درج کر کے اسے انویسٹیگیشن پولیس کے حوالے کر دیا

شادباغ پولیس نے 3 رکنی ڈکیت گینگ کو گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) شادباغ پولیس نے 3 رکنی ڈکیت گینگ کو گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے شادباغ پولیس نے واردات کے دوران شہری کو گرا کر رقم اور موٹر سائیکل چھین کر فرار ہونے والے ملزمان عثمان، غلام مصطفیٰ اور حماد کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 2 موٹر سائیکل اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان نے چند روز قبل جانوروں کا چارہ لینے کے لیے آئے شہری کے ساتھ بھی اسلحہ کے زور پر لوٹ مار کی تھی تین افراد پر مشتمل گروہ شہر کے مختلف مقامات پر چوری کی ہوئی موٹر سائیکل اور اسلحہ استعمال کر کے وارداتیں کرتے تھے

لاہور پولیس کی حکمت عملی کام کر گئی

شہر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 272 وارداتیں رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس کی حکمت عملی کام کر گئی شہر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 272 وارداتیں رپورٹ۔ پولیس ذرائع کے مطابق ڈکیتی زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 6 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکو شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 8 افراد سے لاکھوں روپے ایک شہری سے موٹر سائیکل اور موبائل فونز چھین کر لے گئے، جھپٹا مار کارروائیوں میں ڈاکو 16 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 31 موٹر سائیکلیں، 3 دیگر وہیکل، 2 مویشی چوری ہو گئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 205 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔

لاہور چیمبر کی جانب سے چین کے سرمایہ کاروں کو پاکستان میں مینوفیکچرنگ کی دعوت

لاہور چیمبر کے ایگزیکٹو کمیٹی اراکین آمنہ رندھاوا، خرم لوہدی، احسن شاہد اور وفد کے سربراہ حسن ضیا خان نے بھی اس موقع پر خطاب کیا

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان اور نائب صدر شاہد نذیر چودھری نے چینی تاجروں کے وفد سے ملاقات میں چینی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں صنعتکاری شروع کرنے کی دعوت دی ہے جس سے پاکستان کی معیشت کو بڑی مدد ملے گی۔ لاہور چیمبر کے ایگزیکٹو کمیٹی اراکین آمنہ رندھاوا، خرم لوہدی، احسن شاہد اور وفد کے سربراہ حسن ضیا خان نے بھی اس موقع پر خطاب کیا۔ میاں ابوذر شاد، انجینئر خالد عثمان اور شاہد نذیر چودھری نے پاکستان کی اسٹریٹیجک اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان جنوبی ایشیا، مشرق وسطیٰ اور وسطی ایشیا کا گیٹ وے ہے جو 2 ارب سے زائد افراد کے مارکیٹ تک رسائی فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے چینی وفد کو پاکستان کے نوجوان، ہنرمند اور لاگت میں مقابلہ کرنے والے ورک فورس، اور حکومت کی سرمایہ دوست پالیسیوں سے آگاہ کیا جو پاکستان کو سرمایہ کاری کے لیے پرکشش بناتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کاروبار کے لیے بہترین جگہ ہے ہی پیک کی مضبوط بنیاد اور پاکستان اور چین کے درمیان دوستی کی بدولت ہم پ ×± رامید ہیں کہ شراکت داری میں اضافہ خوشحالی لائے گا۔ لاہور چیمبر کے عہدیداروں نے غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے موزوں ماحول کے قیام میں ہونے والی پیشرفت سے آگاہ کیا، جن میں جدید ترین خصوصی اقتصادی زونز، ٹیکس میں مراعات اور قواعد و ضوابط کو آسان بنانا شامل ہے۔ انہوں نے چینی وفد کو یقین دلایا کہ لاہور چیمبر پاکستان کی مارکیٹ میں ان کی داخلے کی سہولت فراہم کرنے میں مکمل تعاون کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی اسٹریٹیجک لوکیشن اور ترقی کرتی معیشت کے ساتھ اس کی معاون پالیسیوں نے اسے عالمی سطح پر چینی صنعتوں کے لیے ایک بہترین مقام بنا دیا ہے۔ لاہور چیمبر کے ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین امینہ رندھاوا، خرم لوہدی اور احسن شاہد نے کہا کہ چینی صنعتوں کا پاکستان منتقل ہونا نہ صرف دوطرفہ اقتصادی تعلقات کو مضبوط کرے گا بلکہ اس سے ٹیکنالوجی کی منتقلی، ہنر کی ترقی اور علاقے میں پائیدار اقتصادی ترقی میں بھی مدد ملے گی۔



لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان، نائب صدر شاہد نذیر چودھری، ایگزیکٹو کمیٹی اراکین آمنہ رندھاوا، خرم لوہدی، احسن شاہد کا چینی کے وفد کے ہمراہ گروپ فوٹو

1 ارب 90 کروڑ کی لاگت سے 10 ماہ کی قلیل مدت میں پراجیکٹ مکمل کیا جائے گا: بلال یاسین

وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کا وائس چیئرمین واسا چودھری شہباز کے ہمراہ خیابانی فردوسی روڈ سیور لائنوں کی تبدیلی کا افتتاح

لاہور (صابر غوری) وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کا وائس چیئرمین واسا چودھری شہباز کے ہمراہ خیابانی فردوسی روڈ سیور لائنوں کی تبدیلی کا افتتاح، ممبر قومی اسمبلی سیف الملوک کھوکھر، ایم پی اے ملک شہباز کھوکھر اور ملک عرفان شفیع بھی ہمراہ تھے۔ اس موقع پر وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے کہا 1 ارب 90 کروڑ کی لاگت سے 10 ماہ کی قلیل مدت میں پراجیکٹ مکمل کیا جائے گا۔ شوق چوک سے شوکت خانم چوک تک بوسیدہ سیور لائنوں کی تبدیلی کی جارہی ہے۔ متعدد بار خیابانی فردوسی روڈ پر حادثات رونما ہو چکے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر پراجیکٹ کے آغاز سے متبادل روٹس اور ٹریفک روانی برقرار رکھی جائے گی۔ یہ سال بجلی بلوں میں ریلیف، معاشی ترقی اور عوامی ریلیف کا ہوگا۔ واسا چیئرمین واسا چودھری شہباز نے کہا ساڑھے 4 کلومیٹر میں سیور لائنوں کی تبدیلی اور سڑک کی تعمیر کی جائے گی۔ اس پروجیکٹ کے بعد جوہر ٹاؤن کا دیرینہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ ممبر قومی اسمبلی سیف الملوک کھوکھر نے کہا شہریوں کی حفاظت اور آسانی کیلئے مریم نواز کی ہدایت پر پراجیکٹ کا آغاز کیا جلیکٹ ہا ہے۔ اس موقع پر علاقہ عمائدین اور مسلم لیگی کارکنوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔



لاہور ہاؤسنگ بلال یاسین، وائس چیئرمین واسا چودھری شہباز، ایم پی اے شہباز کھوکھر اور ایم این اے سیف الملوک کھوکھر خیابان فردوسی روڈ پرنئی سیور لائن کا افتتاح کر رہے ہیں

یو ای ٹی لاہور میں گرین وال اور شجر کاری مہم کا آغاز کر دیا گیا

گرین وال اور شجر کاری مہم کا آغاز پرائم منسٹر گرین یوتھ موومنٹ کے تحت کیا گیا فوکل پرسن پرائم منسٹر یوتھ پروگرام، پنجاب، فہد شہباز نے گرین وال کا افتتاح کیا



لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور میں پرائم منسٹر گرین یوتھ موومنٹ کے تحت گرین وال اور شجر کاری مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب انوائرنمنٹل انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ میں منعقد ہوئی جس میں فوکل پرسن پرائم منسٹر یوتھ پروگرام پنجاب فہد شہباز نے خصوصی شرکت کی اور اپنے نام کا پودا لگا کر شجر کاری مہم کا آغاز کیا۔ بعد ازاں پرو وائس چانسلر ڈاکٹر ناصر حیات، رجسٹرار محمد آصف، پی آر او ڈاکٹر تنویر قاسم، چیئرمین انوائرنمنٹل ڈاکٹر عامر اخلاق اور دیگر فیکلٹی ممبران نے اپنے اپنے نام کے پودے لگا کر مہم میں حصہ لیا۔ اس سلسلے میں یونیورسٹی کے طول و عرض میں متعدد پودے لگائے جائیں گے۔ مہم کا مقصد کیمپس کو سرسبز و شاداب بنا کر طلباء کو صحت افزاء ماحول فراہم کرنا ہے۔ اس موقع پر ڈاکٹر ناصر حیات نے طلبہ، سٹاف اور فیکلٹی ممبران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گلوبل وارمنگ ایک بڑے خطرے کی شکل اختیار کرتا جا رہا ہے۔ درخت ماحول کو بہتر بنانے اور ہیٹ ویوز کو روکنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ ہم بڑی تعداد میں درخت لگا کر گلوبل وارمنگ کے خطرے سے بچ سکتے ہیں۔ گرین موومنٹ سیمینار میں طلباء سے خطاب کرتے ہوئے فہد شہباز کا کہنا تھا کہ پودے لگا کر ہم دنیا کو درپیش موسمیاتی تبدیلی جیسے مسائل پر قابو پا سکتے ہیں اس مقصد کیلئے باقی جامعات میں بھی اس قسم کی سرگرمیاں منعقد کروائی جا رہی ہیں۔

1 ارب 90 کروڑ کی لاگت سے 10 ماہ کی قلیل مدت میں پراجیکٹ مکمل کیا جائے گا: بلال یاسین

وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کا وائس چیئرمین واسا چودھری شہباز کے ہمراہ خیابانی فردوسی روڈ سیور لائنوں کی تبدیلی کا افتتاح

لاہور (صابر غوری) وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کا وائس چیئرمین واسا چودھری شہباز کے ہمراہ خیابانی فردوسی روڈ سیور لائنوں کی تبدیلی کا افتتاح، ممبر قومی اسمبلی سیف الملوک کھوکھر، ایم پی اے ملک شہباز کھوکھر اور ملک عرفان شفیع بھی ہمراہ تھے۔ اس موقع پر وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے کہا 1 ارب 90 کروڑ کی لاگت سے 10 ماہ کی قلیل مدت میں پراجیکٹ مکمل کیا جائے گا۔ شوق چوک سے شوکت خانم چوک تک بوسیدہ سیور لائنوں کی تبدیلی کی جارہی ہے۔ متعدد بار خیابانی فردوسی روڈ پر حادثات رونما ہو چکے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر پراجیکٹ کے آغاز سے متبادل روٹس اور ٹریفک روانی برقرار رکھی جائے گی۔ یہ سال بجلی بلوں میں ریلیف، معاشی ترقی اور عوامی ریلیف کا ہوگا۔ واسا چیئرمین واسا چودھری شہباز نے کہا ساڑھے 4 کلومیٹر میں سیور لائنوں کی تبدیلی اور سڑک کی تعمیر کی جائے گی۔ اس پروجیکٹ کے بعد جوہر ٹاؤن کا دیرینہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ ممبر قومی اسمبلی سیف الملوک کھوکھر نے کہا شہریوں کی حفاظت اور آسانی کیلئے مریم نواز کی ہدایت پر پراجیکٹ کا آغاز کیا جلیکٹ ہا ہے۔ اس موقع پر علاقہ عمائدین اور مسلم لیگی کارکنوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔



لاہور ہاؤسنگ بلال یاسین، وائس چیئرمین واسا چودھری شہباز، ایم پی اے شہباز کھوکھر اور ایم این اے سیف الملوک کھوکھ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 18 فروری 2025ء

کھیل طلبہ میں رواداری صبر اور مل جل کر کام کی حیثیت صلاحیت پیدا کرتے ہیں: عرفان الحق سلہریا

تعلیم کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیاں بھی بچوں کی نشوونما کے لیے ضروری ہیں: DSP سرکل سمندری



سمندری (کھیل رپورٹر) DSP سرکل سمندری عرفان الحق سلہریا نے ڈی پی ایس سکول کاوزٹ کیا پرنسپل ادارہ ہذا محترمہ حمیرا دلاور کے ہمراہ مختلف کلاسز کا وزٹ کیا بہترین تعلیمی معیار اور ڈسپلن پر اطمنان کا اظہار کیا طلباء وطالبات میں صحت مند اناں سرگرمیوں کے فروغ کے لیے طلباء وطالبات کے لیے فٹبال سمیت دیگر سپورٹس کا سامان فراہم کیا اس موقع پر ڈی ایس پی سرکل عرفان الحق سلہریا کا کہنا تھا کہ تعلیم کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیاں بھی بچوں کی نشوونما کے لیے ضروری ہیں کھیل طلبہ میں نظم وضبط، ٹیم ورک، اور قائدانہ صلاحیتوں کو فروغ دیتے ہیں مختلف کھیل طلبہ میں باہمی رواداری، صبر، اور مل جل کر کام کرنے کی صلاحیت پیدا کرتے ہیں تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ کھیلوں میں حصہ لینے والے طلبہ کی تعلیمی کارکردگی بہتر ہوتی ہے، کیونکہ یہ توجہ اور یاد داشت کو بہتر بناتے ہیں جدید تعلیمی نظام میں کھیلوں کو لازمی نصاب کا حصہ بنایا جانا چاہیے تاکہ طلبہ کی مجموعی نشوونما ممکن ہو۔ اسکولوں اور کالجوں میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینا ضروری ہے تاکہ نوجوان جسمانی اور ذہنی طور پر مضبوط ہوں اور مستقبل کے چیلنجز کا سامنا بہتر طریقے سے کر سکیں۔ تعلیم اور کھیل دونوں ایک کامیاب زندگی کے لازمی پہلو ہیں۔ تعلیمی اداروں اور والدین کو کھیلوں کو فروغ دینے کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں تاکہ طلبہ میں صحت مند اور مثبت رویوں کو فروغ دیا جاسکے انہوں نے طلباء کو نصیحت کی کہ وہ تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں میں بھی بھرپور حصہ لیں تاکہ وہ جسمانی اور ذہنی طور پر متوازن زندگی گزار سکیں۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پلاننگ اینڈ ڈیزائن کمیٹی کا اجلاس

اجلاس میں تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی



اوکاڑہ (راؤ کرام ربانی سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پلاننگ اینڈ ڈیزائن کمیٹی کا اجلاس، اجلاس میں تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی، اجلاس میں اوکل گورنمنٹ، ضلع کونسل، اور ضلع بھر کی مختلف میونسپل کمیٹیوں سے متعلقہ کنورژن، پٹرول پمپس، رائس ملز، سیڈ کلیئرنس اوسی جاری کرنے کے لیے متعلقہ قوانین کے مطابق کاغذات کی پڑتال، متعلقہ قوانین سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، مکمل چھان بین اور قوانین کے تحت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے مختلف کاروباری سرگرمیوں سے منسلک کیسز کے این او سی جاری کر دیے، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر نے کہا کہ مختلف کاروباری سرگرمیوں سے منسلک افراد قانون کی مکمل پاسداری کریں اور کاروبار میں مفاد عامہ کو ملحوظ خاطر رکھنے کے ساتھ ساتھ قواعد و ضوابط پر مکمل عمل درآمد کریں۔

موجودہ اردلی حکومت نے مہنگائی کا طوفان کھڑا کر دیا ہے: میاں شوکت علی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف چنیوٹ کے صدر/ٹکٹ ہولڈر پی پی 95 میاں شوکت علی صمیم ایڈووکیٹ نے اپنے بیان میں کہا کہ موجودہ اردلی حکومت نے مہنگائی کا طوفان کھڑا کر دیا ہے، پاکستان تحریک انصاف کے دور حکومت کی نسبت 10 گنا مہنگائی میں اضافہ ہو چکا ہے، اور پی ڈی ایم ٹولہ روزانہ مہنگائی میں کمی کے جھوٹے دعوے کرتے ہیں۔ جبکہ عالمی سطح پر پاکستان میں مہنگائی میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے، آٹا، گھی سمیت کھانے پینے کی چیزوں میں دن بدن اضافے نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ اور عوام مہنگائی سے تنگ اچکی ہے اور اردلی حکومت اپنی عیاشیوں اور لوٹ مار میں مصروف ہے۔ وزیر اعظم عمران خان ایک عالمی لیڈر ہے طیب اردگان کے تقریر سے سے واضح ہو گیا ہے، کہ پوری دنیا کے سربراہان عمران خان کی تعریف کیے بغیر نہیں رہ سکتے۔ اگر پاکستان میں کوئی لیڈر ہے تو وہ عمران خان ہے، پاکستان تحریک انصاف عوام کی نمائندہ جماعت ہے۔

کشمیر کوکنگ آئل کی ''شاپ اینڈ ون'' اسکیم کے تحت انعامات کی تقسیم جاری

تقریب کے دوران محمد حسنین کو ایک تولہ سونا اور طاہر محمود کو الیکٹرک بائیک انعام میں دی گئی



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) کشمیر کوکنگ آئل کی تقریب ''شاپ اینڈ ون'' اسکیم کے تحت انعامات کی کشمیر کوکنگ آئل کی جانب سے جاری ''شاپ اینڈ ون'' اسکیم کے تحت صارفین نے QR کوڈ اسکین کر کے شاندار انعامات جیتے اس اسکیم کے تحت خوش نصیب جیتنے والوں میں قیمتی انعامات تقسیم کیے گئے۔ تقریب کے دوران محمد حسنین کو ایک تولہ سونا اور طاہر محمود کو الیکٹرک بائیک انعام میں دی گئی۔ اس موقع پر ایریا مینیجر اخلاص ملک، حافظ محمد ابراہیم، ارشد محمود، قیصر چوہدری، اور فرحان شہزاد نے جیتنے والوں کو ان کے انعامات پہنچائے۔ تقریب میں موجود شرکاء نے کشمیر کوکنگ آئل کی اس شفاف اور دلچسپ اسکیم کو خوب سراہا۔ منتظمین کا کہنا تھا کہ ''شاپ اینڈ ون'' اسکیم کا مقصد صارفین کو معیاری مصنوعات کے ساتھ بیلاتھ شاندار انعامات جیتنے کا موقع فراہم کرنا ہے۔ منتظمین کے مطابق، آئندہ بھی اسی طرح کی اسکیمز کا انعقاد کیا جائے گا، تاکہ صارفین کو مزید دلچسپ انعامات جیتنے کے مواقع فراہم کیے جاسکیں۔

بچے قوم کا سرمایہ ہیں ان کو اچھی تعلیم وتربیت فراہم کرنا اساتذہ کا اولین فرض ہے

دنی قوم ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتی ہے جو اپنے نئی نسلوں کو زیور تعلیم سے روشناس کرانے کی صلاحیت رکھتے ہوں: بی ای او ایجوکیشن احمد غزالی



جھنگ (بیورو رپورٹ) سی ای او ایجوکیشن جھنگ تنویر احمد غزالی نے کہا کہ بچے قوم کا سرمایہ ہیں ان کو اچھی تعلیم وتربیت فراہم کرنا اساتذہ کا اولین فرض ہے وہی قوم ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتی ہے جو اپنے نئی نسلوں کو زیور تعلیم سے روشناس کرانے کی صلاحیت رکھتے ہوں اور اساتذہ اس میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ضلع بھر کے اساتذہ کو ہدایات کر رکھی ہیں کہ سرکاری سکولوں میں بچوں کی تعداد بڑھانے کی بھرپور کوشش کریں تعلیم وتربیت کو اپنا اولین فرض سمجھیں صبح کی اسمبلی میں روزانہ بچوں کو مذہبی، جسمانی اور اخلاقی تربیت سے آراستہ کریں تمام جملہ امور ادا کرنے کا حتی الوسع کوشش کریں تنویر غزالی نے مزید کہا کہ تعلیم کے شعبہ میں سو فیصد نتائج حاصل کرنے کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں اور سکولوں میں تعلیمی معیار مزید بہتر کیا جارہا ہے

حکومت پنجاب کا فوکس گورننس کا معیار بہتر بنانے پر ہے کمشنر سید نوید حیدر شیرازی

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے 83 انشی ایٹوز چل رہے ہیں اور ان کی بنیاد پر اضلاع کی ہفتہ وار رینکنگ کی جاتی ہے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کا فوکس گورننس کا معیار بہتر بنانے پر ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے 83 انشی ایٹوز چل رہے ہیں اور ان کی بنیاد پر اضلاع کی ہفتہ وار رینکنگ کی جاتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سول سروسز اکیڈمی 52 ویں کامن کے زیر تربیت افسران سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، ایڈیشنل کمشنر آزادی نیشن محمد شفیق، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ عبد الرؤف بھی موجود تھے جبکہ وفد کی قیادت ڈپٹی پی اینڈ ڈی فصاحت شاہد، ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن سمیرا لیاقت نے کی۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ گوجرانوالہ ڈویژن تاریخی لحاظ سے نہایت اہم ہے، یہاں کرتار پور، چیلیاں والا، روہڑی صاحب سمیت سکھ برادری کے مقدس مقامات یہاں موجود ہیں رواں سال ہزاروں سکھوں نے گوجرانوالہ کا دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ مذہبی سیاحت کے فروغ کے لیے کرتار پور میں شاپنگ سنٹر، ہوٹل اور دیگر سہولیات فراہم کرنے کی منصوبہ بندی ہے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ گوجرانوالہ ڈویژن میں تعلیم صحت، انفراسٹرکچر کی بہتری کے 993 منصوبوں پر کام جاری ہے، 265 ارب روپے سے زائد لاگت کے ان پراجیکٹس پر جون تک 100 ارب روپے خرچ ہوئے ہیں رواں مالی سال ان پراجیکٹس کے لیے 45 ارب 66 کروڑ روپے کے فنڈز جاری کئے گئے ہیں۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے بتایا کہ گوجرانوالہ یونیورسٹی، رسول یونیورسٹی، یونیورسٹی آف حافظ آباد، ویمن یونیورسٹی، یونیورسٹی آف ایلائیڈ سائنسز اینڈ ایمرجنگ ٹیکنالوجی کے منصوبوں پر کام جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گوجرانوالہ ڈویژن میں تجاوزات کیخلاف بلا تفریق کاروائیاں جاری ہیں، پراس کنٹرول، غیر قانونی ری فلنگ کی روک تھام آواریو تنوں کی تلفی، مین ہولز کو ورکنا، بیوٹیفیکیشن جیسے پراجیکٹس پر کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیف سٹی پراجیکٹ کی تعمیر کا مقصد کا ایند آرڈرز بہتر بنانا ہے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ کے پی آئیز میں گوجرانوالہ ڈویژن کے اضلاع کی پرفارمنس ٹاپ پر ہے۔

مصطفی آباد: پیکا ایکٹ کیخلاف علاقائی صحافی متحد ہیں: عطا محمد قصوری

حکومت متنازعہ ایکٹ کے خاتمہ کیلئے اقدامات اٹھائے



مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) پیکا ایکٹ کیخلاف علاقائی صحافی متحد ہیں، حکومت متنازعہ ایکٹ کے خاتمہ کیلئے اقدامات اٹھائے، ورنہ ملکی سطح پر چلائی جانے والی ''صحافتی تحریک'' میں سول سوسائٹی، سیاستدانوں، سماجی وفلاحی تنظیموں کو شامل کرینگے، قائد صحافت محمد افضل بٹ صدر پاکستان فیڈرل آف یونین جرنلسٹس سیکرٹری جنرل محمد ارشد انصاری صدر لاہور پریس کلب قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہیں قصور ڈسٹرکٹ پریس کلب، قصور یونین آف جرنلسٹس کا وفد ضلع بھر کا دورہ کر کے پی ایف یو جے قیادت کا پیغام نگر نگر، شہر شہر تک ہر صحافی و پریس کلب تک پہنچائے گا ان خیالات کا اظہار صدر قصور ڈسٹرکٹ پریس کلب (رجسٹرڈ) عطا محمد قصوری نے پریس کلب مصطفی آباد میں ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر صدر پریس کلب محمد عمران سلفی، پیٹرن ایجیکٹ ڈاکٹر محمد یوسف آرائیں، نائب صدر میاں عمران شہزاد انصاری، سید حسنین حیدر شاہ، عرفان قصوری، چیئرمین سپریم کونسل ملک محمد اقبال، صدر ایلیکٹرونک میڈیا سید ہٹھ محمد حسین، زرار علی خاں، ارشد علی جوئیہ محمد طاہر پرنو، الیاس ملک، عمر شاہین، مہر عدنان، اسماعیل، محمد آمل کھوکھر صدر یونین آف جرنلسٹ مصطفی آباد و دیگر بھی موجود تھے، انہوں نے کہا کہ پیکا ایکٹ میں آزادی صحافت پر قدغن لگانے کی بھرپور سازش کی گئی ہے، سوشل میڈیا کے نام پر آزادانہ صحافت کا گلہ دبایا جارہا ہے، پی ایف یو جے کے ایکشن اور اگلے لائحہ عمل کیلئے جو فیصلہ افضل بٹ اور ارشد انصاری کرینگے، مصطفی آباد سمیت ضلع بھر سے صحافی برادری لبیک کہے گی، انہوں نے واضح کیا کہ نگری حضرت بابا ملھے شاہ (قصور) سے وورز ممبران صحافیوں کا بڑا قافلہ اسلام آباد کیلئے روانہ ہوگا، اس سلسلہ میں انتظامی کمیٹیاں تشکیل دیدی گئی ہیں، بعد ازاں پریس کلب مصطفی آباد کے باہر پیکا ایکٹ کے خلاف احتجاجی مظاہرہ بھی کیا گیا۔

ڈسکہ بینکرز کلب کے انتخابات عمران ریاض چیئرمین بھٹی صدر منتخب

حسین علوی سیکرٹری اطلاعات منتخب مجلس عاملہ کیلئے شاہنواز بٹ چیئرمین منتخب ہوئے



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈسکہ بینکرز کلب کے انتخابات عمران ریاض چیئرمین عابد حسین بھٹی صدر منتخب جبکہ سینئر نائب صدر مرزا عمران خالد نائب صدر محمد ندیم جنرل سیکرٹری عدنان عارف وینس ایڈیشنل سیکرٹری فیصل خان درانی فنانس سیکرٹری طلحہ شیخ جبکہ ناصر حسین علوی سیکرٹری اطلاعات منتخب مجلس عاملہ کیلئے شاہنواز بٹ چیئرمین، ممبران میں حافظ شبیر حسین شہباز مغل زاہد ڈار حبیب الرحمان ثاقب یاسر محمود چیمہ خرم ڈار حافظ محمد خلیل شامل ہیں سبکدوش ہونے والے صدر حافظ شبیر حسین مغل نے نو منتخب عہدیداران کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈسکہ بینکرز کلب ایک مثالی تنظیم ہے جو بینکروں کے مسائل افہام وتفہیم سے حل کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے اتفاق و اتحاد کو برقرار رکھنے اور انہیں تفریح کے مواقع بھی فراہم کرتی ہے

شہنشاء مسلم ہند مرزا ظہیر الدین بابر کی 542 ویں سالگرہ کی پروقار تقریب کا انعقاد

تقریب کی صدارت وائس چیئرمین محمد تنفیق مغل اور وائس چیئرمین محمد ظہیر الدین بابر نے کی، شرکاء کا مغل برادری سے اظہار یکجہتی



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مغل فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر ہمایوں بازار شکار سنٹر میں شہنشاہ مسلم ہند مرزا ظہیر الدین بابر کی 542 ویں سالگرہ کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت وائس چیئرمین محمد شفیق مغل اور وائس چیئرمین محمد ظہیر الدین بابر نے کی، تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں ہدیہ نعت پیش کر کے کیا گیا اس موقع پر مغل فاؤنڈیشن کے صدر مرزا ہارون الرشید بیگ، جنرل سیکرٹری حاجی محمد اسحاق مغل، سرپرست عبدالرزاق مغل، سینئر نائب صدر محمد اکرم مغل، اے ڈی مرزا، آصف مغل، حاجی نثار مغل، انور مغل، عثمان مغل، شہباز مغل، علی احمد مغل، مرزا عبدالرحمن، مرزا عبدالله بیگ، مرزا طلحہ بیگ، مرزا طارق محمود بیگ، پروفیسر قدیر مغل، مرزا کامران بیگ، رانا فرمان بیگ، مرزا حارث بیگ، مرزا ذیشان بیگ، مرزا جاوید بیگ، مرزا ظفر بیگ، مرزا عمران بیگ سمیت مغل برادری کے دیگر احباب موجود تھے، اس موقع پر شہنشاہ ظہیر الدین بابر کی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا اور تجدید عہد کیا گیا کہ ہم اپنے لیڈر کو یاد رکھنے اور ان کے کلچرل کو فروغ دینے اور ان کے مسلم امہ کے اتحاد و مضبوطی کے مشن پر پوری تندہی سے عمل پیرا رہیں گے مقررین نے کہا کہ تین سو سالہ دور میں پورے برصغیر پر مغلیہ حکومت تھی، پاکستان، بھارت، افغانستان اور بنگلہ دیش کے ممالک پر مشتمل خطے پر مغلیہ دور میں آسودگی تھی اس دور کو واپس لانے کیلئے پھر سے متحد ہونے کی ضرورت ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر فوکل پرسن برائے پولیو عظمی کردار کا جھنگ کا دورہ

فوکل پرسن وزیر اعلیٰ پنجاب برائے پولیو عظمی کردار نے گزشتہ پولیو مہم میں ٹارگٹ مکمل کرنے اور بہترین کارکردگی پر محکمہ صحت کے افسران اور سٹاف کی تعریف کی



جھنگ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر فوکل پرسن وزیر اعلیٰ پنجاب برائے پولیو عظمی کردار نے جھنگ کا دورہ کر کے انسداد پولیو کے حوالے سے بگ کیچ اپ مہم کا افتتاح کیا۔ انہوں نے ڈی سی آفس کے کمیٹی روم میں ڈپٹی کمشنر علی اکبر جھنڈر کے ہمراہ محکمہ صحت کے افسران سے گزشتہ پولیو مہم کے حوالے سے بریفنگ لی۔ فوکل پرسن وزیر اعلیٰ پنجاب برائے پولیو عظمی کردار نے گزشتہ پولیو مہم میں ٹارگٹ مکمل کرنے اور بہترین کارکردگی پر محکمہ صحت کے افسران اور سٹاف کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات پر پنجاب بھر میں انسداد پولیو مہم کے حوالے سے بھرپور اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ تمام اضلاع میں ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کے افسران کو انسداد پولیو کے حوالے سے خصوصی ہدایات جاری کی گئیں ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بین الصوبائی پوائنٹس پر بھی ٹیمیں مانیٹرنگ کر رہی ہیں، پنجاب میں پانچ سال کی عمر تک کا کوئی بچہ بھی پولیو ویکسین سے محروم نہیں رہے گا۔ انہوں نے میڈیا کے ذریعے بھی والدین کو بھرپور آگاہی دینے کی ضرورت پر زور دیا۔

ایک انسان کی زندگی بچانا پوری انسانیت کو بچانے کے مترادف ہے: چوہدری عمران عباس چدھڑ

انسانی ہمدردی کی معراج ہے کہ ایسی چیز عطیہ کی جائے جو دوسروں کی زندگی بچانے میں مدد دے

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف بلڈ ڈونر ڈی ایس پی چوہدری عمران عباس چدھڑ نے کہا ہے کہ انسانی ہمدردی کی معراج ہے کہ ایسی چیز عطیہ کی جائے جو دوسروں کی زندگی بچانے میں مدد دے۔ ایک انسان کی خون کی زندگی بچانا پوری انسانیت کو بچانے کے مترادف ہے۔ تھیلیسیمیا ہیموفیلیا اور بلڈ کینسر کے مرض میں مبتلا افراد کی زیادہ تر اموات رمضان المبارک میں خون نہ ملنے کی وجہ سے ہوتی ہیں اس لئے رمضان المبارک سے پہلے ان امراض میں مبتلا افراد کی زندگی بچانے کیلئے خون کا ذخیرہ کرنا ضروری ہے۔ خون کا عطیہ کرنے سے صحت پر منفی کی بجائے مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں خون کی ایک بوتل میں ایک انسان کی زندگی ہوتی ہے۔ ہمارے ملک کے مقابلے میں دیگر ممالک میں خون کا عطیہ دینے والوں کی شرح بہت زیادہ ہے پاکستان میں صرف ایک سے دو فیصد افراد باقاعدگی سے خون عطیہ کرتے ہیں عطیہ کردہ خون کی جدید ترین لیبارٹری میں جدید ترین مشینوں پر ٹیسٹنگ ہوتی ہے جس میں ہیپاٹائٹس بی سی، ملیریا، آتشک اور ایڈز کے ٹیسٹ شامل ہیں تشخیص کے بعد بلڈ گروپ اور ہیموگلوبن کے ساتھ مکمل رپورٹ خون کا عطیہ کرنے والے کو فراہم کی جاتی ہے جس کا ٹیسٹ کسی بھی معیاری لیبارٹری سے کروانے پر ہزاروں روپے خرچہ ہوتا جبکہ خون عطیہ کرنے کی صورت میں رپورٹس بلامعاوضہ حاصل ہو جاتی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پل ممناں پر سندس فاؤنڈیشن کے تعاون سے لگائے گئے بلڈ کیمپ کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

پیر سید خلیل الرحمن شاہ بخاری کی صدارت میں مدارس عربیہ میں سالانہ تقریب

تمام مدارس کے اساتذہ کرام اور دیگر شعبہ جات کے احباب نے بھرپور شرکت کی



عارفوالا (نمائندہ قوت محمد نوید ڈوگر سے) ایجوکیشنل ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام امیر جماعت اہلسنت پاکستان صوبہ پنجاب پیر سید خلیل الرحمن شاہ بخاری کی صدارت میں مدارس عربیہ کا سالانہ جلسہ تقسیم انعامات کا انعقاد مدرسہ جامعہ حنفیہ غوثیہ نزد تھانہ صدر عارفوالا میں کیا گیا جس میں تمام مدارس کے اساتذہ کرام اور دیگر شعبہ جات کے احباب نے بھرپور شرکت کی جلسہ تقسیم انعامات کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبول سے کیا گیا اس موقع پر اساتذہ کرام علامہ مفتی عبدالرسول رضوی، مفتی محمد عمران ثاقب اویسی، قاری محمد بلال ہجویری، قاری محمد عمران، علامہ حیدر علی قادری، علامہ محمد عامر قادری، قاری ظہور حسین قادری، قاری اظہار الحق، قاری علامہ محمد مزمل مجید، علامہ محمد مزمل حسین قادری، محمد مقصود احمد نائب ناظم اعلیٰ مدرسہ ہذا اور علامہ قاری عمر حبیب قادری میں سالانہ امتحان کے کامیاب طلبہ کرام حفاظ کرام درس نظامی اور تجوید القرآن کے طلبہ سمیت تمام اساتذہ کی حوصلہ افزائی کیلئے انعامات تقسیم کئے گئے اس موقع پر پیر سید خلیل الرحمن شاہ بخاری اور اساتذہ کرام نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جب اللہ تعالیٰ نے تمہیں دین کیلئے چن لیا ہے اب تمہاری ذمہ داری ہے کہ تم محنت کرو کوشش کرو اور اس میں کامیابی حاصل کرو جب اللہ پاک اور پیارے نبیؐ نے دین متین کی خدمت کیلئے چن لیا ہے تو یہ انتخاب کسی خاص وجہ کیلئے کیا گیا ہے اور جن بچوں نے محنت کی انہیں انعام ملا اور جن بچوں میں کمی رہ گئی ہے وہ اپنی کامیابی کیلئے محنت کریں آخر میں قبلہ پیر سید خلیل الرحمن شاہ بخاری نے تمام طلباء، اساتذہ اور ملک وملت کی سلامتی کے لیئے اجتماعی دعائے خیر کی۔

ویمن چیمبر کے زیر اہتمام وی ایگزیبٹ نمائش 19 / 20 فروری کو ہوگی: ڈاکٹر مریم صدیقہ

ویمن بزنس پروموشنز کیلئے سبلڈ ائیزڈ سٹالز فراہم کرینگے: گلزیب وقاص اکرم اعوان



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) صنعتی شعبہ سے وابستہ خواتین کے بزنس پروموشنز کیلئے سیالکوٹ ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی دو روزہ سالانہ نمائش وی ایگزیبٹ کا انعقاد 19 / 20 فروری 2025 کو خواجہ صفدر روڈ پر واقع مارکی میں منعقد ہوگی جس میں صنعتی شعبہ سے وابستہ خواتین کے کاروباری حجم کو بڑھانے کیلئے سٹالز سبلڈ ائیزڈ کر کے فراہم کئے جارہے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار میڈیا ٹاک کے دوران سنیئر وائس پریذیڈنٹ سیالکوٹ ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مسز گلزیب وقاص اکرم اعوان نے کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ نمائش میں کراچی، فیصل آباد، لاہور، گوجرانوالہ، راولپنڈی، پشاور، گجرات، سیالکوٹ، وزیر آباد، ملتان و دیگر شہروں کی بزنس کمیونٹی نے سٹالز بک کرائے ہیں۔ صنعتی نمائش میں ہینڈی کرافٹس، لیدر پراڈکٹس، جیولری اینڈ جیم سٹونز، سپورٹس ویئر، فرنیچر، شوز، ایمبرائیڈریز، کٹلری، سپورٹس ویئر و ریڈی میڈ گارمنٹس کے سٹالز کیساتھ کاسٹینیٹل، پاکستانی چاینیز فوڈ سٹالز بھی بک ہو چکے ہیں انشاء اللہ صنعتی نمائش کامیابیوں کا اپنا تسلسل جاری رکھے گی۔

تجاوزات شہر کی خوبصورتی کو متاثر کرنے کے ساتھ ساتھ عوامی دشواری کا بھی باعث ہے: ترجمان ضلعی انتظامیہ

اوکاڑہ (راؤ کرام ربانی/قوت) ترجمان ضلعی انتظامیہ نے کہا ہے کہ تجاوزات شہر کی خوبصورتی کو متاثر کرنے کے ساتھ ساتھ عوامی دشواری کا بھی باعث ہے، حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق ضلع بھر کی تینوں تحصیلوں میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کامیابی سے جاری ہے، اس سلسلہ میں جن لوگوں نے دکانوں گھروں سمیت مختلف مقامات پر تجاوزات کر رکھی ہیں وہ جلد از جلد اپنی مدد آپ کے تحت تجاوزات ختم کر لیں بصورت دیگر ان کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے بھاری مشینری کی مدد سے تجاوزات کو مسمار کر دیا جائے گا۔

روزانہ کی بنیاد پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت لوگوں کے مسائل سنے جاتے ہیں: ڈی پی او

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حکومت پنجاب کے احکامات کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت لوگوں کے مسائل سنے جاتے ہیں اور ان کے حل کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے لوگوں کے مسائل سنے اور درخواستیں متعلقہ افسران کو مارک کر کے مختص کردہ ٹائم میں داد رسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او نے کمپلینٹ سیل افسران کو درخواستوں کا فالو اپ لے کر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پبلک سروس ڈیلیوری میں بہتری کیلئے تمام ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔ ضلع بھر کے تمام تھانوں میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کی سہولت کیلئے اقدامات کیے گئے ہیں اور لوگوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جارہے ہیں۔ فیلڈ افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ کسی بھی مسئلہ کی صورت میں آنے والے شہریوں کیساتھ اچھے اخلاق سے پیش آ کر ان کا مسئلہ جلد از جلد حل کیا جائے اور بلاوجہ انتظار نہ کروایا جائے۔ دفاتر، تھانہ جات میں کسی بھی شہری کی تضحیک ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ کسی بھی وجہ سے شہریوں کا تھانہ جات میں کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا تو شہری بلاجھجک میرے دفتر تشریف لائیں، انکے مسائل کا حل یقینی بنایا جائے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جرائم کے خاتمہ کے لیے عوامی تعاون بے حد ضروری ہے۔ جرائم کے خاتمہ کے لیے پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور اپنے اردگرد ہونے والے جرائم کی نشاندہی کریں تاکہ بروقت کاروائی عمل میں لائی جاسکے۔

کنونیئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے بڈیانہ میں ''پاپا پیزا شاپ'' کا افتتاح کیا

سجاول علی وسیم شمس عمران ایم این اے چوہدری ارمغان سبحانی چوہدری اشرف سدھو و دیگر کی بھی شرکت

سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) کنونیئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے بڈیانہ میں ''پاپا پیزا شاپ'' کا افتتاح کیا اس موقع پر محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ ہم نبیل اشرف سدھو اور چوہدری اشرف سدھو کو مبارکباد پیش کرتے ہیں جنہوں نے کاروبار کے فروغ کے لیے کام شروع کیا ہے کاروبار کی بدولت بہت سارے لوگوں کے ذرائع آمدن میں اضافہ ہوتا ہے ہم دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے پیزا شاپ کے کاروبار میں برکت عطا کرے

غیر معیاری تیل اور گھی میں پکوڑوں سموسوں کی تیاری فیشن بن گیا

پکوڑوں اور سموسوں کی تیاری میں میدے کے بجائے آٹا استعمال کیا جانے لگا

جہلم (بیورو رپورٹ) پنجاب فوڈ اتھارٹی کے زمہ داران غائب غیر معیاری تیل اور گھی میں پکوڑوں سموسوں کی تیاری فیشن بن گیا۔ پکوڑوں اور سموسوں کی تیاری میں میدے کے بجائے آٹا استعمال کیا جانے لگا شہری پیٹ اور معدے کی بیماریوں سمیت کھانسی کی اور دمے کی بیماریوں کا شکار ہونے لگے شہر سمیت ملحقہ ابادیوں میں جا بجا چھوٹی بڑی دکانیں اور ٹھیلے لگے ہیں جہاں پر مضر صحت پکوڑوں سموسوں چپس وغیرہ کی تیاری کی جاتی ہے معتلقہ اتھارٹی کے زمہ داران نے شہریوں کے مسائل سے مکمل لاتعلقی اختیار کر رکھی ہے تفصیلات کیمطابق شہر سمیت نواحی علاقوں میں ناقص گھی اور خوردنی تیل استعمال کر کے جہاں شہریوں کی زندگیوں سے کھلواڑ جاری ہے تو دوسری پر پکوڑوں اور سموسوں کی تیاری میں میدے کے بجائے آٹا استعمال کیا جارہا ہے جس کی وجہ سے شہری مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں شہریوں نے اس صورتحال پر مزید کہا کہ جہاں ناقص طریقے سے پکوڑے سموسے اور چپس تیار کیے جاتے ہیں تو وہیں پر من مانے ریٹ لگا کر فروخت بھی کیے جاتے ہیں جو ذمہ داروں کی غ

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

گرین پاکستان پروگرام زراعت کو جدید بنانے کا انقلابی پروگرام

پاکستان بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہے لیکن پچھلے بیس پچیس برس کے دوران یہاں زراعت کے شعبے کو بری طرح نظر انداز کیا گیا۔ ایک بڑی وجہ اس کی یہ بھی تھی کہ بڑھتی ہوئی آبادی کی رہائشی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ہاؤسنگ کالونیاں بہت تیزی سے تعمیر کی گئیں جن کے لیے زرعی رقبوں کو استعمال میں لایا گیا۔ اس صورت میں زراعت کے لیے زمین کا گھٹ جانا ایک لازمی امر تھا۔ پھر مکانوں اور کاروں کی خرید و فروخت پر معیشت کو ملنے والے سہارے پر دی جانے والی توجہ نے حکومت کو یہ موقع ہی نہیں دیا کہ وہ زراعت کا بھی حال جان لے۔ اب جب صورتحال بے قابو ہوتی نظر آ رہی ہے تو کوشش کی جا رہی ہے کہ زراعت پر توجہ دے کر مسائل کو مزید بگڑنے سے روکا جا سکے۔ پنجاب آبادی کے لیے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے اور یہاں کے لوگوں کی غالب اکثریت کا ذریعہ معاش آج بھی زراعت ہے، لہٰذا پنجاب حکومت کی طرف سے اس معاملے کو آگے بڑھانے کی کوشش کی گئی ہے جس کے لیے چولستان میں گرین پاکستان پروگرام) جی پی آئی (منصوبے کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ پنجاب میں زراعت کو جدت سے ہمکنار کرنے کے اس انقلابی پروگرام کے تحت کسانوں کو تمام زرعی سہولیات ایک چھت تلے فراہم کرنے کا منصوبہ شروع کر دیا گیا ہے۔ کنڈیالی اور شاہو کے علاقوں میں منصوبوں کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے دوران گرین مال اینڈ سروس کمپنی، سمارٹ ایگری فارم، زرعی تحقیق اور سہولت مرکز کا افتتاح بھی کیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور پاک فوج کے سربراہ جنرل سید عاصم منیر نے تقریب میں شرکت کی۔ تقریب میں نیشنل فوڈ سکیورٹی و تحقیق کے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اور وفاقی وزیر آبی وسائل ڈاکٹر مصدق ملک بھی شریک تھے۔ تقریب میں بتایا گیا کہ گرین ایگری مال اینڈ سروسز کمپنی کسانوں کو ان کے گھر کے دروازے پر معیاری بیج، کھاد، کیڑے مار ادویات رعایتی قیمت پر فراہم کرے گی۔ کسانوں کو ڈرونز سمیت زرعی مشینری رعایتی کرائے پر دستیاب ہو گی۔ ایک چھت تلے، ایک کمپنی کے ذریعے کسانوں کو زراعت سے متعلق تمام سہولت میسر ہوں گی۔ منصوبے کے تحت پانچ ہزار ایکڑ پر مشتمل جدید زرعی فارم کا بھی آغاز ہو گیا ہے۔ فارم جدید زراعت کی مثال بنے گا، جدید زرعی طریقے اور آبپاشی کا جدید نظام استعمال کیا جائے گا۔ پانی کے کم استعمال اور لاگت سے زیادہ پیداوار حاصل ہو گی۔ زرعی تحقیق اور سہولت مرکز میں زراعت کے شعبے سے متعلق تمام اشیا اور سہولیات دستیاب ہوں گی۔ زمین کی جانچ سمیت تحقیق سے متعلق لیبارٹری کی تمام خدمات بھی فراہم ہوں گی۔ یہ ادارہ زرعی تعلیم اور تحقیق کرنے والے ملک بھر کے تمام اداروں کے ساتھ رابطے میں ہو گا۔ مریم نواز شریف نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چولستان اور پنجاب میں جدید زراعت کے انقلاب کی بنیاد رکھ دی ہے۔ ان منصوبوں کا آغاز پنجاب کے کسانوں کی ترقی کے ایک نئے سفر کا آغاز ہے۔ زراعت کی ترقی کسان کی ترقی اور پاکستان کی خوشحالی کی ضمانت ہے۔ گرین پاکستان جدید زراعت کے فروغ کا انقلاب ہے۔ اس موقع پر جنرل سید عاصم منیر نے اپنے خطاب میں کہا کہ پنجاب پاکستان کا زرعی پاور ہاؤس بن گیا ہے۔ جدید زراعت میں صوبہ پنجاب اور یہاں کے کسانوں کا قائدانہ کردار قابل تحسین ہے۔ گرین کارپوریٹ منصوبے کے تحت مختصر وقت میں یہ کامیابیاں حوصلہ افزا اور ترقی کی نوید ہیں۔ جنرل سید عاصم منیر کا کہنا تھا کہ فوج ملک کی معاشی ترقی کے عمل میں بھرپور حمایت جاری رکھے گی۔ آرمی چیف نے مختصر وقت میں پنجاب حکومت کے گرین کارپوریٹ منصوبے کے تحت کاوشوں اور حاصل ہونے والی کامیابیوں کو سراہا۔ دریں اثنا، صوبائی وزیر زراعت و لائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چولستان کا علاقہ جو صحرا تھا، اب سیراب ہو گا اور وہاں پر کسانوں کو تمام زرعی اشیا کی سرکاری ریٹ پر دستیابی کے ساتھ ہائی ٹیک مشینری رینٹل بنیادوں پر فراہم کی جائے گی۔ پنجاب کی ہر تحصیل میں رینٹل سروس کا آغاز کیا جائے گا۔ جی پی آئی وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کی عکاسی کرتا ہے جو زرعی شعبے کو بدل کر رکھ دے گا۔ سید عاشق حسین کرمانی کا کہنا تھا کہ زراعت کے شعبے میں کسان کارڈ، گرین ٹریکٹر پروگرام، زرعی ٹیوب ویلز کی سولرائزیشن اور سموگ کی روک تھام کے لیے سپر سیڈرز کی فراہمی جیسے متعدد منصوبے شامل ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم زراعت میں جینیٹک و موسمی اثرات سے محفوظ سیڈ، بہتر آبپاشی کے نظام اور جدید زرعی مشینری کے استعمال کو یقینی بنائیں جس سے ہماری فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہو گا اور نقصانات کم ہوں گے۔ جی پی آئی کے نام سے جس منصوبے کا آغاز کیا گیا ہے وہ پنجاب حکومت کا واقعی لائق تحسین اقدام ہے۔ اس حوالے سے حکومت کو چاہیے کہ وہ کسانوں سے مشاورت کے لیے تحصیل کی سطح پر کمیٹیاں قائم کرے اور ان کے مسائل کو نہ صرف سنے بلکہ انھیں حل کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات بھی کرے۔ مزید یہ کہ پنجاب میں پانی کی کمی سے آئندہ برسوں میں جو مسائل پیدا ہونے کا امکان دکھائی دے رہا ہے اس پر بھی فوری توجہ دی جائے اور ماہرین کی مدد سے اس مسئلے کے حل کے لیے ابھی سے اقدامات شروع کیے جائیں تاکہ اس مسئلے پر بروقت قابو پایا جا سکے۔

زندہ انسان

تاریخ انسانی کا ورق ورق شاہوں اور شاہ نوازوں کے واقعات سے بھرا پڑا ہے ہر دور میں ظالم اور مادیت پرست ہی نظر آئے تاریخ انسانی کا ہر دور ضمیر کے تاجروں اور وفا کے سوداگروں سے بھرا ہوا نظر آتا ہے لیکن اِن شاہوں کے تذکروں کے ساتھ ساتھ ہمیں ایسے کردار کے پہاڑوں سے بھی واسطہ پڑتا ہے جنہوں نے ہر دور میں قربِ شاہی پر خود آگاہی کو ترجیح دی جنہوں نے ظلم کو حق کہنے سے ہمیشہ انکار کیا جنہوں نے ہر دور میں حق اور انسانیت کا ساتھ دیا اور کبھی بھی ضمیر کا سودا نہیں کیا ایسے ہی کردار کے غازی ہوتے ہیں جن کے سامنے بڑے بڑے لوگ پانی بھرتے نظر آتے ہیں یہی وہ سودائی ہیں جن کے کردار کی روشنی سے گلستانِ ہستی کے رنگ قائم و دائم ہیں خدا قسم اگر یہ لوگ نہ ہوتے تو کردار اور انسانیت کا تسلسل کیسے قائم رہتا۔ اکثر یہ کہا جاتا ہے کہ بڑے لوگ صرف بڑے شہروں یا بڑی درس گاہوں سے ہی طلوع ہوتے ہیں سچ تو یہ ہے کہ یہ مفروضہ غلط ہے بڑا ہونے کے لئے بڑا شہر بڑی مشہور درس گاہ سے پڑھا لکھا ہونا ضروری نہیں بڑا ہونے کے لیے سچا جذبہ درکار ہوتا ہے۔ روشنی کے لئے گھی کے چراغ نہیں روشن دماغ مطلوب ہوتے ہیں منزل پانے کے لیے شارٹ کٹ سفارش کی نہیں اعلیٰ سوچ کی ضرورت ہوتی ہے ناموری کے لئے اقتدار کے ایوانوں میں اہل اقتدار کے جوتے چاٹنا ضروری نہیں خداداد ذہانیت کام آتی ہے نیک نامی اشتہار یا صحافیوں کو خریدنے سے نہیں حسن کردار ٹھوس کردار سے ملتی ہے تاریخ میں زندہ امر ہونے کے لئے پبلسٹی نہیں نیک نیتی ضروری ہے کسی بڑے کام کی تکمیل کے لیے کوچہ اقتدار کی چاکری ضروری نہیں یہ چھوٹے شہروں میں بھی ممکن ہے۔ زندگی خدائے بزرگ برتر کا سب سے قیمتی انعام ہے زندگی کا سفر بہت طویل اور پر پیچ بھی ہے اِس کو ہر ایک نے طے کرنا ہے سکندر اعظم نے آدھی عمر گھوڑے کی پیٹھ پر دنیا فتح کرنے میں گزاری چنگیز ہلاکو اور تیمور نے انسانوں کا قتل عام کرنے میں جمشید جام جہاں نما کے سامنے بیٹھا رہا قیصر و کسری تخت کے پائے چوبیں سے چھپ کر زندگی گزارتے رہے دیو جانس کلبی نے ایک ٹب میں ساری زندگی مراقبے میں گزار دی منصور نعرہ حق میں سولی چڑھ گیا رانجھا و نجلی کی دھن میں گم رہا قیس نے لیلیٰ کے پیچھے صحرا گردی میں زندگی گزار دی اہل اقتدار نے اقتدار کے حصول اور اس کو قائم رکھنے میں شب و روز گزار دیئے شہرت اور ناموری کے دیوانوں نے حماقتوں کی لمبی لمبی داستانیں رقم کیں زندگی کی ہنگامہ خیزیوں میں انسان اِس بری طرح گم ہوتا ہے کہ وہ موت کو بلکل بھول جاتا ہے موت اتنی برق رفتاری سے آتی ہے کہ بادشاہوں کو تخت و تاج اور گداں کو اپنا بوریا بستر لپیٹنے کا موقع نہیں دیتی کوئی شاہی محل میں آخری ہچکی کے یافٹ پا تھ پر مٹی کا ڈھیر بنے دنیا کے مہنگے ترین ہسپتا لوں اور ماہر ترین ڈاکٹروں کے ہاتھوں موت کے اندھیرے غار میں اتر گئے آخری آرام گاہ وہی دو گز بھر زمین اوپر سے کچی مٹی کا لیپ اور پانی کا چھڑکا قبر آپ سنگ مرمر سے بنا دیں گنبد مینار اور کلس سجا دیں پھونا وہی خاک رہے گا موت اتنا اچانک وار کرتی ہے کہ سارے منصوبے اور احتیاطی تدابیر دھری کی دھری رہ جا تی ہیں با دشاہوں نے مضبوط چٹانوں سے فصیلیں بلند و بالا کھڑی کیں لیکن موت نے آدبوچا گداوں نے دنیا چھوڑ دی ساری عمر



سجدوں میں گزار دی لیکن موت نے آ پکڑا مو ت کے سامنے نہ کوئی بادشاہ نہ کوئی گدا نہ موت سادگی دیکھتی ہے نہ شاہی لباس کو چہ فنا سے گزرنا ہر ایک کے مقدر میں لکھا ہوا ہے اگر موت کو حقیقت سمجھ کر قبول کر لیا جائے تو ٹھیک ہے ورنہ جانوروں کی طرح ہانک کر لے جایا جاتا ہے خو ش قسمت ہوتے ہیں وہ لوگ جو موت کا روز محشر کا خیال رکھتے ہیں ایسے لونگ زندگی کو خدا کا عطیہ سمجھتے ہیں اور موت کو فیصلہ خداوندی ایسے لو گ بازار حیات سے گزرتے ضرور ہیں لیکن وہ اِس کے خریدار نہیں ہوتے موت کے اندھی غار میں اترتے ضرور ہیں لیکن فنا نہیں ہوتے ہر گزرتے دن کے ساتھ انسان کرہ ارض پر بڑھتے جا رہے ہیں لیکن اچھے انسان گھٹتے جا رہے ہیں جگر مراد آبادی نے کیا خوب کہا ہے۔

گھٹ گئے انسان بڑھ گئے سائے ویسے تو ہر دور میں ہی اچھے انسانوں کا قحط رہا ہے لیکن موجودہ مادیت پرستی میں غرق دور میں تو انسان بہت ہی نایاب ہو گیا اگر کبھی بھولے بسرے کو ئی انسان مل جائے تو اس کے پاس سے اٹھنے کو دل ہی نہیں کرتا ایسا ہی ایک زندہ انسان میرے سامنے بیٹھا تھا اس کے چہرے پر شفیق دلنواز پھیلی مسکراہٹ نے مجھے اس کو گرویدہ کر دیا تھا میں اس کی کمپنی سے لطف اندوز ہو رہا تھا یہ انوکھا شفیق انسان پچھلے کئی گھنٹوں سے اپنے کردار اور شفیق مسکراہٹ کی خیرات بانٹ رہا تھا اپنی ذات کو ترک کر کے دوسروں کے کام آنے کی کوشش کر رہا تھا اپنی خوشی پر دوسروں کی خوشی کو ترجیح دے رہا تھا میرے سامنے مرگی زدہ بچے کی اگلے تین سال کی رقم کا بندوبست کر چکا تھا میں اس کردار کے K2 سے بہت متاثر ہو چکا تھا میں اِس کے بارے میں جاننا چاہتا تھا اس کے خدمت خلق اور شفیق تبسم کا اصل راز کیا ہے اِس کو جاننے کے لیے میرا تجسس نقطہ عروج پر تھا ۔میرے پوچھنے پر اس نے بتایا کافی سال قبل محنت مزدوری کے لیے وہ یورپ چلا گیا ابتدائی سالوں کی مشکلات کے بعد اللہ تعالی نے میرا ہا تھ پکڑ لیا اور میں چند سالوں میں ہی امیر ترین بندوں میں شامل ہو چکا تھا بے پناہ دولت شہرت اور کامیابی کو میں اپنی ذہانت قرار دیتا تھا کہ یہ سب کچھ میں نے اپنی عقل کے بل بوتے پر حاصل کیا ہے میں خود کو ایک سمجھ دار اور عقل مند آدمی سمجھنے لگا تھا کہ عزت دولت اور کام کیسے نکلوانا ہے یہ ایک آرٹ ہے اور یہ آرٹ مجھے خو ب آتا ہے میں اپنی چالاکیوں اور دماغ کو ہی ہر کامیابی کی کنجی سمجھنے لگا تھا جب میں ہر کامیابی کو عطیہ خداوندی کی بجائے اپنی کوشش اور چالاکی سمجھ رہا تھا تو آہستہ آہستہ میں غرور اور گھمنڈ میں مبتلا ہوتا چلا گیا کیونکہ میں نے دولت کے ڈھیر اکھٹے کر لئے تھے اب میں نے لمبی منصوبہ بندی شروع کر دی کہ کس طرح بیوی بچوں کے ساتھ بھرپور کامیاب زندگی گزارنی ہے میں نے مہنگی مضبوط ترین گاڑیاں لے لیں میں نے مضبوط وسیع و عریض گھر خرید لیا اور مختلف شہروں میں اپنے کاروبار کے نیٹ ورک کو پھیلا دیا پیسے کے زور پر میں ہر چیز خرید رہا تھا میں دن رات اِس کوشش میں تھا کہ میں وہ تمام چیزیں خرید لوں جن کے بل بوتے پر میں اور میری فیملی بھرپور کامیاب زندگی گزار سکیں میں خود ہی خدا بن کر فیصلوں پر فیصلے کئے جا رہا تھا کہ مجھے کامیاب زندگی گزارنے کا طریقہ آتا ہے پیسہ کس طرح کمانا ہے معاشرے کے بااثر لوگوں سے تعلقات کیسے بنانے ہیں یہ سب مجھے آتا ہے روپے پیسے کے بل بوتے پر نو کروں کی فوج دن رات میری آسائشیں و آرام کے لیے مستعد کھڑی رہتی میں فرعون بنا نو کروں کو حکم پر حکم دیتا رہتا میں انسانوں کو جانور سمجھنا شروع ہو گیا کہ اگر یہ غریب ہیں تو اِس میں اِن کا قصور ہے یہ عقل نہیں رکھتے یہ زندگی کا آرٹ نہیں جانتے میں انسانوں کو کیڑے مکوڑے سمجھتا تھا۔ لیکن پھر وہ دن آیا جس کا میں تصور بھی نہیں کر سکتا تھا ایک دن ٹریفک حادثے میں میرا پورا خاندان زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھا میں بہت زیادہ دولت کا روبار کے ساتھ دنیا میں وہ اکیلا رہ گیا میں جو ہر چیز کو حاصل کرنے کا آرٹ جانتا تھا بے بسی اور دکھ میں غرق ہو چکا تھا کیونکہ میں پوری دولت دے کر اور اپنی تمام ذہنی صلاحیتوں کو استعمال کر کے بھی اپنے خا ندان واپس نہیں لا سکتا تھا۔ میں ڈپریشن کا شکار ہو گیا کا روبار عدم توجہ کی وجہ سے برباد ہوتا چلا گیا اور میں فقیر بن کر سڑک پر آ گیا قرضوں کا بوجھ اتنا بڑھ گیا میں دیوالیہ ہو گیا میں موت کے قریب پہنچ گیا کہ پھر مجھے ایک مسیحا انسان ملا اس نے مجھے بتایا حقیقی زندگی خدمت خلق اور دوسروں کی آسانی میں ہے میں نے دوبارہ کا روبار شروع کیا دوبارہ شادی کی اب پھر میرا کا روبار اچھا ہو رہا ہے لیکن مجھے اچھی طرح سمجھ آ گئی ہے کہ زندگی اور کامیابی عطیہ خداوندی ہے اپنی ذہانت نہیں میرا مشن ہے میں اچھے لوگوں سے ملتا ہوں اِسی لیے آپ کے پاس آیا ہوں میرے اوپر خدا بہت مہربان ہے مجھے آپ سے کوئی کام نہیں آپ سے صرف یہ دعا کی درخواست ہے کہ خدا کبھی مجھے سے پھر ناراض نہ ہو جائے میں خوشگوار حیرت سے پردیسی کو دیکھ رہا تھا کہ جس کو خدا نے لاٹھی سے مار کر اپنے قریب کر لیا ورنہ جو غرور کی گھاٹی میں گرتا ہے وہ کبھی نہیں ابھرتا۔

فاصلہ گھٹاؤ

اپنے باادب قاری کے ساتھ آج کی گفتگو کا جو موضوع لیکر حاضر ہوئی ہوں اس کا عنوان ہے،، فاصلہ گھٹاؤ،،۔ مگر اس سے پہلے دل کی وہ باتیں جو دل راز و نیاز کی صورت خود سے ہی اکثر کرتا ہے، پر جب بے چینی سوا ہوتی ہے تو دل کی یہ باتیں قرار تلاشتی زبان پر آ جاتی ہیں۔ کوئی بھی انسان ہو، مذہب کچھ بھی ہو با کردار، باحیا و باوفا ہی چنتا ہے۔ کیونکہ انسانی فطرت کا تقاضا ہی یہی ہے۔ فطرت پر پیدا ہونے والا عبد یا بندی انہی فطری تقاضوں کی پاسداری کے مطابق اپنی حیات تمام نہ کر پائیں تو زیستِ ڈگر پر ڈگمگانے کے ہر پل خطرات شدید ہیں۔ اس کے علاوہ روحانی و قلبی قرار بھی فطری تقاضوں کو نبھانے سے ہی حاصل ہوتا ہے۔ تبھی تو حق و باطل اور جنت و دوزخ کا تصور دنیا میں موجود تمام اقوام کے مذاہب میں پایا جاتا ہے۔ زمین پر بسنے والے بھی انسان اگرچہ مختلف مذاہب سے تعلق رکھتے ہوں۔ الگ الگ نظریات کے مالک ہوں۔ مقصدِ حیات بے شک سب کا جدا ہو۔ زندگی گزارنے کا طریقہ مختلف ہو۔ رہن سہن ،رسم و رواج ایک جیسے نہ ہوں مگر ایک چیز جو ساری خلقت کو ایک پلیٹ فارم پر لے آتی ہے یعنی جو چیز سبھی کو یکجا کر دیتی ہے وہ ہے انسانیت ۔جی ہاں بالکل وہ راہ، وہ ڈگر انسانیت کی ہی ہے جو سبھی مخلوق کو پکارتی ہے کہ ایک ساتھ سب مل کر میری طرف بڑھ آؤ تمہارا مذہب کچھ بھی ہے بس انسانیت دل میں رکھ کر چلے آؤ۔ اور میری آغوش سے راحتِ دل، قرارِ جاں پاؤ۔ ہم اپنی سوچ و افکار میں آزاد ہیں ہاں مگر یہ ضرور ہے کہ ہمیں کوشش کر کے اپنی سوچ بہتر رکھنی چاہئے کہ لازمی بات ہے ہم جو سوچیں گے وہ بولیں گے بھی۔ کیونکہ دماغ کی سطح پر ابھرنے والی ہر سوچ کو زبان پر لایا بھی نہیں جا سکتا۔ اگر ہم ایسا کرنے لگیں تو یقیناً ہماری زندگی کے معاملات میں ہر وقت فغانی کا عالم رہے۔ اور یہ بات تو کئی بار سچ ثابت ہوئی ہے کہ زمین پر جہاں کہیں طوفان آیا ہر شے کو تہہ و بالا کر گیا۔ کبھی کبھی تو زمین کا نقشہ ہی بدل گیا۔ لہٰذا سوچ پر بے شک پہرے نہیں بٹھائے جا سکتے مگر پھر بھی ہم سوچوں کے گھوڑے کو بے لگام نہیں چھوڑ سکتے کہ بے سوچے اور بے وقت کی بات نے انسانی معاملات کو بہت نقصان پہنچایا ہے۔ اپنے قاری کے ساتھ بات جب سوچ کی ہو ہی رہی ہے تو دل چاہ رہا ہے کیوں نا دل کی ایک بات بے دھڑک کہہ دی جائے۔ ماشاءاللہ ہم آزاد اسلامی ریاست کے مسلم باشندے ہیں۔ ربِ محمد کا بھی تقاضا ہے کہ اپنے طور طریقے رسم و رواج سب حقیقت میں اسلامی کر لو۔ مسلمان کی کوشش بھی یہی رہتی ہے کہ وہ مشکلیں سہہ لے مگر آخرت کی کامیابی حاصل کر لے۔ رب کی رضا پانا ہی درحقیقت ایک رب کے بندے کا مقصدِ حیات ہے۔ بے شک بات ہو رہی تھی دل کی بات کی.... میں سوچا کرتی ہوں ہمارے ملک کی خواتین ،لڑکیاں یا بچیاں جس طرح سے وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ بے پردگی کو عام کر رہی ہیں۔ کبھی جدید تعلیم کے نام پر کبھی وقت کی ضرورت کہہ کر اور کبھی نئے زمانے کے تقاضے بتا کر۔ وہ باقی سب کچھ ہو سکتا ہے مگر اسلام اور رب کی رضا ہرگز نہیں۔ مگر کرب کی بات تو یہ ہے کہ قابو پانے کی بجائے حالات بے قابو ہوتے جا رہے ہیں۔ کون ہے جو اس بارے بات کرے؟ کون ہے جو رَبّ کی رضا کے حق میں آواز اٹھائے؟ کون ہے جو دھرنا کرے کہ خدارا عورتیں بے مقصد اور بے پردہ گھروں سے باہر مت نکلا کریں؟ کون ہے جو پاکستانی خواتین کو یہ کہہ سکے کہ تم اسلامی ہو، تمہیں بہت سے مقامات پر اسلام نے آزادی دی ہے



مگر خالق کی طرف سے کچھ مقامات پر پابندی بھی کر دی گئی ہو۔ پہلی فہرست میں تمہارا باپردہ رہنا۔ کیونکہ خالقِ اعظم کو کسی طور منظور نہیں کہ ایک عورت جب گھر سے باہر نکلے تو چادر سے اپنا سر اور سینہ ڈھانپ نہ لیا کرے۔ دراصل خواتین کو بات ذرا مشکل سے سمجھ آتی ہے ۔کیونکہ یہ مخلوق وہ ہے جس کی تعریف میں خُدا نے خود فرمایا ہے کہ جلد بھول جانے والی ،وسوسے کرنے والی، ابلیس کے جال میں جلد آجانے والی ،زیوروں میں پرورش پانے والی اور جھگڑے کے وقت بات تک نہ کر سکنے والی ۔اس سب کا نتیجہ تو یہی نکلتا ہے کہ اس نفوس کو قرینے سے ،دھیان سے ،دلائل سے اور صبر و ہمت برداشت سے اور پریشان کئے بغیر سیدھے راہ کی طرف لانا پڑے گا۔ تو سوچتی ہوں جتنا معاشرتی ماحول خراب ہو چکا اور جتنا خواتین کے لئے غیر محفوظ ہو چکا نہایت سمجھداری سے حکمت عملی کی ضرورت ہے۔ کہ وطنِ عزیز کی مائیں ،بہنیں اور بیٹیاں بڑے سکون سے اس بات کو قبول کریں ایک تو بے مقصد گھروں سے باہر نہ نکلیں دوسرا جب بھی نکلا کریں مکمل حجاب میں ہوا کریں اور حجاب وہ جو واقعی حجاب ہو۔ اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ بات مستورات کو کہے گا کون؟ یعنی بلی کے گلے میں گھنٹی کون باندھے؟ وہ تو کوئی ایسا ہی عبد ہو سکتا ہے جو تمام پاکستانی خواتین کے دلوں پر راج کرتا ہو۔ بوجھو تو جانیں ہم سب کو مانیں (ہمارے ہاں ایک رواج بھی تو ہے کہ یہاں یا تو فلموں ،ڈراموں میں کام کرنے والے یا پھر کھلاڑی عوام کے ہیرو یا آئیڈل وغیرہ ہوا کرتے ہیں) ویسے ایسا بندہ ہے تو سہی ۔جی ہاں ٹھیک سمجھے عمران خان۔ اور یہ بات بہت سالوں سے دل میں تھی کہ جیسے عمران خان اسلام کی اور خوفِ خُدا کی بات کرتے ہیں یہ سیاست سے ہٹ کر بھی کبھی اپنی مداح مستورات سے بات کریں ۔یہ رب کی رضا پانے کی بات کبھی اس انداز میں بھی کریں کہ پاکستانی مستورات بے مقصد گھروں سے نہ نکلیں جب نکلیں تو بڑھی سی چادر اوڑھ کر نکلا کریں۔ جس طرح سے پاکستانی مستور نے عمران خان کو ہیرو بنائے رکھا، اب تو محبتوں کے گانے بھی ریلیز ہونے لگے تو حق بنتا ہے عمران خان ان محبت کرنے والوں سے محبت کے جگہ اسی بات کا مطالبہ کریں۔ خیر ہر کوئی اپنی سوچ میں آزاد ہے۔ میرا کیا ہے میرے تو دماغ میں 1992 سے ہی ایسی عجیب و غریب خواہشات سر اٹھاتی رہتیں۔ جبکہ میں ابھی خود .....تب جب اپنی اطراف لڑکیوں کی ٹولیوں اور استانیوں تک کو کرکٹ کے کھلاڑی (عمران خان) سے دیوانہ وار پسندیدگی کا اظہار کرتے دیکھتی۔ واقعی سب عجیب لگتا جب لڑکیاں اپنے والد بزرگوار کے نام کی جگہ بھی.... اور یہ بات میرے جیسی بندی کے چودہ طبق روشن کرنے کو کافی ہوتی۔ اور اس پر عجیب یہ تھا کہ استانیاں بھی طلبہ کو سرزنش نہ کرتیں۔ ایک ہی موضوع پر ایک لکھاری طویل گفتگو کرتا ہی تب ہے جب وہ موضوع واقعی حساس بن جائے ۔اور آج اس سے بڑھ کر کوئی حساس موضوع ہے ہی نہیں ۔موضوع کے ذکر پر یاد آیا باتوں باتوں میں بات تو بہت دور نکل آئی۔ اپنے باادب قاری سے معذرت چاہتے ہوئے ادھر ادھر کی باتوں کے دامن کو سمیٹتی ہوں۔ آج کے مضمون کے اصل موضوع کی طرف آتی ہوں جی توبات کرتے ہیں ،،فاصلہ گھٹاؤ ،،پر.....ہمیں فاصلوں کو طول دینے کا حکم نہیں ۔رشتوں کو جوڑنے کو حکم ہے۔ قطعہ تعلقی مالک کو ناپسند ہے ۔خاص طور پر ہمیں مشکلات میں ایک دوسرے سے دوری اختیار کرنے سے منع فرمایا گیا ہے۔ غموں میں شرکت ضرور کرنی چاہئے ۔اگر خوشی میں کوئی بلائے تو دل میں حسد لیکر کبھی نہیں ملنا چاہئے اور سب سے بڑی بات جہاں سے بھی راہِ ہدایت کی بات ملے خوشی سے دل میں اتار لینی چاہئے ۔یہ نہیں دیکھنا چاہئے کہ کہہ کون رہا ہے۔ ہم اگر چاہتے ہیں ہمارا ملک امن کا گہوارہ ہو، تو ہمیں ایسی تربیت کا اہتمام کرنا ہو گا جس سے ایسی تعلیم عام ہو کہ ہماری عادت بن جائے ہم بات کہنے والے کے مطلب پر نظر رکھیں نا کہ مسلک پر ۔کچھ دن پہلے ایک عالمِ دین کا خطبہ سن رہی تھی۔ آپ کی ایک بات سے اب تک متفکر ہوں ۔وہ عالمِ دین احادیثِ مبارکہ سے ثابت کر رہے تھے کہ دلہن کے گھر بارات والے دن پکنے والا کھانا دلہے کے ذمے ہوتا ہے ۔جس میں سے دلہن والوں نے اور باراتیوں نے بھی کھانا ہوتا ہے۔ وہ بزرگ مزید فرما رہے تھے کہ ولیمے پر اسلام میں کوئی پابندی نہیں چاہے چھ ماہ کھانا پکا کر تقسیم کرتے رہو، ایک دن یا ہفتہ دس دن.....وغیرہ وغیر ہبزرگ نے کہا کہ میں خود جب تک اس حدیث پاک کے علم سے محروم تھا جاہلانہ زندگی گزاری مگر شکر ہے خُدا کا اب میں اس بات کی تبلیغ کرتا ہوں ۔انہوں نے کہا کہ ہمارے ہاں شادی بیاہ کی زیادہ تر رسومات ہندوانہ ہیں۔ بزرگ اپنا تبلیغِ حق نبھاتے ہوئے اور بھی بہت کچھ بتا رہے تھے۔ مگر میری سوئی ادھر ہی اٹکی رہی کہ اسلام میں بارات کا کھانا دلہے کی ذمہ داری ہے اور ہمارے ہاں تو دلہا دلہن کے مالی حالات کو جوتے کی نوک پر رکھتے ہوئے اپنے ساتھ بارات میں تین سو .....بارا تنے بھی لے کر جاتا ہے۔ التجا ہے خُدائے مُتعال پاک ہستیوںؑ کے طفیل ہماری رہبری فرمائے ہر قدم، ہر سانس۔ آمین

ہم کبھی نہیں ہاریں گے!

ملک میں سیاسی کشیدگی کے ساتھ دہشت گردی کی لہر بھی آئی ہوئی ہے، اس کے خلاف سیکورٹی ادارے نبرد آزما ہیں ، لیکن کوئی بھی جنگ محض سیکورٹی اداروں کی جنگ نہیں ہوتی ہے' یہ ملک و قوم کی مشترکہ جنگ ہوتی ہے اور اسے مل کر ہی لڑا جا سکتا ہے ، اس جنگ میں سیکورٹی ادارے تو ایک حفاظتی پشتے کا ہی فریضہ انجام دیے رہے ہوتے ہیں ،لیکن اس پشتے کی مضبوطی قومی اتفاق و یگانگت سے ہی ہوتی ہے، اگر قوم میں اتفاق و یگانگت ہے تو پھر اس قوم کو کوئی ہرا سکتا ہے نہ ہی کوئی نقصان پہنچا سکتا ہے۔ اس بات کو ہر کوئی جانتا اور مانتا ہے ،اس کے باوجود قومی اتفاق کو اپنے ذاتی مفادات کی خاطر داؤ پر لگایا جاتا ہے ، ایک دوسرے کے خلاف اکسایا جاتا ہے ، اس کا فائدہ ملک دشمن اُٹھاتے ہیں ،اپنوں کو ہی سہولت کار بناتے ہیں اور ملک میں دہشت گردی پھیلاتے ہیں ، اس کے خلاف سیکورٹی ادارے متحرک ہیں اور اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں، لیکن اس کا سد باب عوام کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں ہے ، اس لیے ہی بار ہا آرمی چیف جنرل عاصم منیر کا دہشت گر دی کے خاتمے کا عزم دہراتے ہوئے کہنا ہے کہ جب تک قوم بالخصوص نوجوان سیکورٹی اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں' پاک فوج پرعزم ہے اور کبھی کوئی جنگ نہیں ہارے گی۔ اس عزم پر ہر پاکستانی کو یقین ہے، لیکن اس عزم پر یقین رکھتے ہوئے اپنی خامیوں اور اپنی کوتاہیوں کو بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہئے ، ہم نے آرمی پبلک سکول پشاور کے سانحے کے بعد



سے دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے قومی اتفاقِ رائے سے بیس نکاتی نیشنل ایکشن پلان مرتب کیا تھا، اس میں سیکورٹی اداروں' وفاقی و صوبائی حکومتوں اور اہم سٹیک ہولڈرز کی ذمہ داریوں کو اجاگر کیا گیا تھا، لیکن کیا ہم نے اپنی اپنی ذمہ داریوں کو پورا کیا ہے اور اس بیس نکاتی نیشنل پلان پر پوری طرح عمل کیا ہے؟ اس نیشنل ایکشن پلان کی روشنی میں اپنی خامیوں کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے، ہم جب تک اپنی کوتاہیوں اور اپنی خامیوں کا ازالہ نہیں کریں گے ، دہشت گردی کے ناسور سے کبھی مکمل نجات حاصل نہیں کر پائیں گے۔ اس میں شک نہیں ہے کہ سکیورٹی فورسز اپنے چیلنجز سے بخوبی آگاہ ہیں اور ان سے نمٹنے کیلئے مستعد اور پُرعزم ہیں، مگر اس کے ساتھ ضروری ہے کہ وفاقی و صوبائی حکومتیں' سیاسی قیادت' علما کرام اور نوجوان بھی اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کریں، اس ملک کی سرحدوں کا تحفظ اور اندرونِ ملک امن و امان اسی وقت یقینی بنایا جا سکتا ہے، جب کہ معاشرے کے سبھی طبقات سکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں اور باہم اشتراک سے اقدامات کیے جائیں، ہماری قومی ذمہ داریاں' ضروریات اور سکیورٹی کے تقاضے ہرگز اجازت نہیں دیتے ہیں کہ بے مقصد سیاسی ہیجان میں الجھ کر اپنی ترقی کا خواب کھوٹا کیا جائے، ہماری سیاسی قیادت کو اپنی

قوت

SPORTS



پی ٹی ایف نے قومی کھلاڑیوں کی تربیت کے لیے امریکی کوچ کی خدمات حاصل کرلیں

یہ پہلی بار ہے کہ ہم اپنے کھلاڑیوں کے ساتھ کام کرنے کے لیے اس طرح کی صلاحیت کے حامل غیر ملکی کوچ کو لائے ہیں، گفتگو



کھلاڑیوں کو تربیت کے لیے قازقستان بھیجنے کے لیے بھی سرمایہ کاری کی ہے۔ رابرٹ ڈیوس نے دنیا میں 10 سے 15 اعلیٰ رینکنگ کے کھلاڑی تیار کیے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا اسلام آباد میں وہ پہلے ہی ہمارے کوچز اور کھلاڑیوں کے لیے ایک ہفتہ طویل تربیتی سیشن کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی ایف کمپلیکس میں ایک جدید ترین جم مکمل ہونے کے قریب ہے۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ یہ 20 فروری تک تیار ہو جائے گا۔ اعصام الحق قریشی نے کہا کہ پی ٹی ایف نوجوان کھلاڑیوں کے لیے ٹورنامنٹس اور انعامات بڑھانے پر توجہ دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک غیر ملکی فٹنس ٹرینر بھی اتوار کو اسلام آباد پہنچ رہا ہے تاکہ کھلاڑیوں کی جسمانی تربیت میں مدد کی جا سکے۔ پی ٹی ایف کے صدر نے رواں سال کے دوران ہونے والے بین الاقوامی ایونٹس کا ذکر کیا جہاں پاکستان کی ٹینس ٹیمیں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گی۔ قومی ٹیم ایشین کوالیفائنگ راؤنڈ کے لیے ملائیشیا جائے گی۔

لاہور (میاں شہروز سے) پاکستان ٹینس فیڈریشن (پی ٹی ایف) نے قومی کھلاڑیوں کی تربیت کے لیے معروف امریکی کوچ رابرٹ ڈیوس کی خدمات حاصل کرلیں۔ پی ٹی ایف کے صدر اعصام الحق قریشی نے رابرٹ ڈیوس کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رابرٹ کا شمار دنیا کے ٹاپ ٹینس کوچز میں ہوتا ہے، یہ پاکستان ٹینس کے لیے ایک اہم موقع ہے، یہ پہلی بار ہے کہ ہم اپنے کھلاڑیوں کے ساتھ کام کرنے کے لیے اس طرح کی صلاحیت کے حامل غیر ملکی کوچ کو لائے ہیں، یہ ان کو بہترین ممکنہ تربیت اور وسائل فراہم کرنے کے لیے ہماری لگن کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیڈریشن بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے ٹینس کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے، اعصام الحق قریشی کے مطابق فیڈریشن نے



لاہور: پارلیمانی سیکرٹری سپورٹس ملک انس محمود لبرٹی گول چکر مین بلیوارڈ پر سائیکل ریلی میں شریک ہیں۔ (فوٹو این این آئی)



اسلام آباد: اساس انٹرنیشنل اسکول میں پاور پلے ڈے 2025 میں طلبا پاکستانی پرچم لہرا رہے ہیں

چیمپئنز ٹرافی جیتنا میرا خواب ہے، سلمان علی آغا

پُرجوش ہیں، پاکستان ٹیم میں پوٹینشل ہے، ہم چیمپئنز ٹرافی جیت سکتے ہیں، پوڈکاسٹ میں گفتگو

کراچی (این این آئی) قومی ٹیم کے نائب کپتان سلمان علی آغا کا کہنا ہے کہ سب چاہتے ہیں کہ ہم بھارت کو ہرائیں لیکن میرا خواب چیمپئنز ٹرافی جیتنا ہے۔ پی سی بی پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے سلمان علی آغا نے کہا کہ میگا ایونٹ میں ٹرافی اٹھانا یادگار لمحہ ہوگا میرا خواب ہے کہ ہم چیمپئنز ٹرافی جیتیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک بھارت میچ کا الگ ہی ماحول ہوتا ہے، اسے سب سے بڑا میچ قرار دیا جاتا ہے، چیمپئنز ٹرافی جیتنا زیادہ اہم ہے۔ سلمان علی آغا کا کہنا ہے کہ چیمپئنز ٹرافی کے لیے پُرجوش ہیں، پاکستان ٹیم میں پوٹینشل ہے، ہم چیمپئنز ٹرافی جیت سکتے ہیں۔ قومی ٹیم کے نائب کپتان نے کہا کہ میں کرکٹ سے بہت لطف اندوز ہو رہا ہوں، تین چار سال سے قومی ٹیم کے ساتھ ہوں، مجھے جو نیا رول دیا ہے اسے انجوائے کر رہا ہوں۔ ان کا کہنا ہے کہ چیلنجنگ رول ہے کوشش ہے کہ اچھی پرفارمنس سے اس کو ساتھ لے کر چلوں، نائب کپتان ہونا ایک ذمے داری بھی ہے اور تھوڑی آزادی بھی محسوس ہوتی ہے، آسٹریلیا اور جنوبی افریقا میں جیت سے بہت اعتماد ملا تھا۔ اسپنر ابرار احمد نے کہا کہ اسپنر کا کردار بہت اہم ہے، کپتان سے بات کرتا رہتا ہوں۔

واپڈا اور ایشال ایسوسی ایٹس کا میچ ڈرا ہو گیا پریذیڈنٹ ٹرافی، او جی ڈی سی ایل نے کے آر ایل اور غنی گلاس نے ایس این جی پی ایل کو شکست دیدی

لاہور (میاں شہروز سے) پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کرکٹ ٹورنامنٹ کے ساتویں راؤنڈ میں او جی ڈی سی ایل نے کے آر ایل اور غنی گلاس نے دفاعی چیمپئن ایس این جی پی ایل کو شکست دے دی۔ واپڈا اور ایشال ایسوسی ایٹس کا میچ ڈرا ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس میں کھیلے گئے چار روزہ میچ میں او جی ڈی سی ایل نے کے آر ایل کے خلاف دلچسپ مقابلے کے بعد 29 رنز سے فتح سمیٹی۔ کے آر ایل کی ٹیم 230 رنز کا ہدف حاصل کرنے میں ناکام رہی اور پوری ٹیم 200 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ عمران رفیق 56 رنز کے ساتھ ٹاپ سکورر رہے۔ مشتاق کلہوڑو نے عمدہ باؤلنگ کا مظاہرہ کیا اور 6 وکٹیں حاصل کیں۔ اسٹیٹ بینک اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں غنی گلاس نے ایس این جی پی ایل کو 5 وکٹوں سے ہرا دیا۔ میچ کے چوتھے اور آخری روز ایس این جی پی ایل کی ٹیم اپنی دوسری اننگز میں 340 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ حسیب اللہ خان نے شاندار 94 رنز بنائے۔ دیگر بیٹرز میں سیف اللہ بنگش 62 اور یاسر شاہ 40 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ میر حمزہ نے 4 اور رمیز جونیئر نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔ پہلی اننگز میں 165 رنز کی برتری کی بدولت غنی گلاس کو 176 رنز کا ہدف ملا جو اس نے 5 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔

اسپنرز کی فوج کیوں منتخب کی، ایشون کا سلیکشن کمیٹی سے سوال: اسکواڈ میں 5 اسپنرز کی وجہ سے یشسوی جیسوال کو ہمیں اسکواڈ سے باہر کرنا پڑا' گفتگو

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق اسپنر روی چندران ایشون نے چیمپئنز ٹرافی میں اسپنرز کی فوج منتخب کرنے پر حیرانگی کا انکشاف کر دیا۔ اپنے یوٹیوب چینل پر گفتگو کرتے ہوئے سابق اسپنر روی چندران ایشون نے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی اسکواڈ میں 5 اسپنرز کی سلیکشن سمجھ سے باہر ہے، ان کی وجہ اہم بیٹر یشسوی جیسوال کو ہمیں اسکواڈ سے باہر کرنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم اپنے میچز دبئی میں کھیلے گی اور اسکواڈ میں کلدیپ یادیو، اکشر پٹیل، ورون چکرورتی، رویندرا جڈیجا اور واشنگٹن سندر کو شامل کیا گیا، اتنے زیادہ اسپنرز کیا موثر ثابت ہوں گے یا ہمیں بیٹنگ سے میچ جیتنے کی کوشش کرنی چاہیے تھی؟۔ ایشون نے کہا کہ 2 لیفٹ آرم اسپنرز بہترین آل راؤنڈر ہیں، اس لیے اکشر پٹیل اور جڈیجا تو کھیلیں گے، اسی طرح پیس اٹیک میں ہارڈک پانڈیا بھی الیون کا حصہ ہوں گے، اس صورت میں اگر آپ نے ورون چکرورتی کو بھی کھلایا تو پھر الیون سے ایک پیسر ڈراپ کرنا ہوگا، ورنہ ہارڈک کی جگہ کون آئے گا؟۔ اسپنرز کی فوج کیوں منتخب کی، ایشون کا سلیکشن کمیٹی سے سوال: اسکواڈ میں 5 اسپنرز کی وجہ سے یشسوی جیسوال کو ہمیں اسکواڈ سے باہر کرنا پڑا' گفتگو

چیمپئنز ٹرافی 2025 میں شرکت کیلئے بھارتی کرکٹ ٹیم دبئی پہنچ گئی

بھارتی کرکٹ ٹیم بغیر ذاتی عملے کے دبئی پھنچی، شائقین کرکٹ کی بڑی تعداد نے استقبال کیا

دبئی (این این آئی) چیمپئنز ٹرافی 2025 میں شرکت کیلئے بھارتی کرکٹ ٹیم دبئی پہنچ گئی۔ بھارتی ٹیم کا دبئی ایئرپورٹ پر شائقین کرکٹ کی بڑی تعداد نے استقبال کیا۔ اس بار بھارتی کرکٹ ٹیم بغیر ذاتی عملے کے دبئی پہنچی، کیونکہ بھارتی کرکٹ بورڈ نے حال ہی میں کھلاڑیوں کے ذاتی شیف اور ہیئر ڈریسرز ساتھ لے جانے پر پابندی عائد کر دی ہے۔ شائقین کرکٹ نے کرکٹرز کے غیر حاضر ذاتی عملے کو محسوس کیا، جو ماضی میں کرکٹ اسٹارز کے ارد گرد 'ہٹو بچو' کی صدائیں بلند کرتے ہوئے نظر آتے رہے۔ دوسری جانب بنگلادیش ٹیم نے کپتان نجم الحسن شنٹو کی قیادت میں آئی سی سی اکیڈمی میں پریکٹس کی۔ پیر کو دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں پاکستان شاہینز اور بنگلادیش کے درمیان وارم اپ میچ کھیلا جائے گا۔ بھارتی ٹیم اتوار کو آئی سی سی اکیڈمی میں اختیاری پریکٹس کرے گی۔

شاہد آفریدی کی ڈبلیو سی ایل سیزن 2 میں شرکت کی تصدیق

12 منتخب شائقین کرکٹ کے عظیم ترین ستاروں کے ساتھ رہائش گاہوں اور تجربات کا اشتراک کریں گے

دبئی (این این آئی) دنیا کرکٹ کے پانچ سابق نامور کھلاڑیوں شاہد آفریدی، یوراج سنگھ، شیکھر دھون، کرس گیل اور اے بی ڈی ویلیئرز نے ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز (ڈبلیو سی ایل) کے سیزن 2 میں شرکت کی تصدیق کر دی ہے۔ ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز (ڈبلیو سی ایل) اپنی کینگری میں انگلینڈ کرکٹ بورڈ سے منظور شدہ واحد کرکٹ لیگ ہے جس نے اپنے مداحوں کے لئے لائیو و دی لیجنڈز (ایل ڈبلیو ایل) کے لئے رجسٹریشن شروع کر دی ہے۔ اس اقدام سے دنیا بھر میں کرکٹ کے شائقین کو 16 روزہ برطانیہ کے خصوصی دورے کا موقع ملے گا جہاں 12 منتخب شائقین کرکٹ کے عظیم ترین ستاروں کے ساتھ رہائش گاہوں اور تجربات کا اشتراک کریں گے۔ لائیو و دی لیجنڈز پروگرام کھیل کی بڑوں تک رسائی کا ایک غیر معمولی پروگرام ہے جس میں کرکٹ لیجنڈز کے ساتھ خصوصی سفر اور رہائش کے انتظامات، ٹیم کی تیاریوں اور میچ ڈے کی سرگرمیوں تک پس پردہ رسائی، سرکاری ڈبلیو سی ایل ایونٹس اور میچ کے بعد کی تقریبات تک وی آئی پی رسائی، کھلاڑیوں کے ساتھ ون آن ون بات چیت، پیشہ ورانہ فوٹو سیشن اور ٹیموں کی دستخط شدہ یادداشتیں شامل ہیں۔ انتخاب کا عمل احتیاط سے ڈیزائن کردہ تین مراحل میں مکمل ہوگا۔ پہلا راؤنڈ 15 فروری سے 15 مارچ تک جاری رہے گا، کامیاب امیدوار 16 مارچ سے 25 اپریل تک منعقدہ دوسرے مرحلے میں جائیں گے۔



پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان 12 فروری 2025 کو کراچی میں کھیلے گئے ون ڈے میچ میں پاکستانی کھلاڑی وکٹ لینے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے) اے ایف پی(



لاہور: بچے جمپنگ کیسل پر کھیل میں مصروف ہیں

قوت



اس تصویر میں امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو اور اسرائیلی وزیر اعظم بن یامین نتن یاہو پریس کانفرنس کرتے ہوئے) اے ایف پی(

سعودی عرب میں کارروائی، 22 ہزار غیر قانونی تارکین گرفتار

غیر قانونی تارکین کو سہولت فراہم کرنے پر 14 افراد گرفتار ہوئے، کمیٹی کا بیان



دوران 2133 افراد گرفتار ہوئے ہیں جو سرحد عبور

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں غیر قانونی تارکین کے خلاف کام کرنے والی مشترکہ کمیٹی کی کارروائی کرتے ہوئے ایک ہفتے میں 22 ہزار غیر قانونی تارکین گرفتار کر گرفتار کر لیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق غیر قانونی تارکین کے خلاف کام کرنے والی مشترکہ کمیٹی کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ گرفتاریاں 6 فروری سے 13 فروری 2025 کے درمیان ہوئی ہیں جن میں سے 13799 اقامہ قوانین کی خلاف ورزی 5597 گرفتار شدگان سرحدی قوانین کی خلاف ورزی جبکہ 3270 تارکین لیبر قوانین کی خلاف ورزی میں ملوث تھے۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ عرصے کے کرکے ملک میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے کی کوشش کر رہے تھے جن میں سے 36 فیصد یمنی، 63 فیصد ایتھوپی جبکہ ایک فیصد دیگر ممالک کے تارکین تھے۔ کمیٹی نے کہا کہ غیر قانونی تارکین کو سہولت فراہم کرنے پر 14 افراد گرفتار ہوئے ہیں۔ دوسری جانب وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ غیر قانونی تارکین کو کسی بھی قسم کی سہولت فراہم کرنا سنگین جرم ہے جس پر 15 سال قید اور 10 لاکھ ریال جرمانہ ہو سکتا ہے۔ غیر قانونی تارکین کو سہولت فراہم کرنے پر 14 افراد گرفتار ہوئے، کمیٹی کا بیان غیر قانونی تارکین کو کسی بھی قسم کی سہولت فراہم کرنا سنگین جرم ہے جس پر 15 سال قید اور 10 لاکھ ریال جرمانہ ہو سکتا ہے

فوج اور حزب اللہ حامیوں کے درمیان کشیدگی برقرار

لبنانی فوج ہوائی اڈے کے داخلی راستے پر فوجی کمک لے آئی، غیر ملکی میڈیا

بیروت (این این آئی) بیروت کے بین الاقوامی ہوائی اڈے کے اردگرد اب بھی کشیدگی برقرار ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حزب اللہ کے حامیوں نے ہوائی اڈے کی سڑک کو دونوں سمتوں سے بند کر دیا۔ انہوں نے حزب اللہ کے جھنڈے اور پارٹی کے سابق سیکرٹری جنرل حسن نصر اللہ کی تصاویر بھی اٹھائیں اور پارٹی کے نعرے لگائے۔ لبنانی فوج ہوائی اڈے کے داخلی راستے پر فوجی کمک لے آئی ہے۔ دریں اثنا لبنان میں اقوام متحدہ کی عبوری فورس کا ایک گشت وہاں سے گزرا جس کے ساتھ لبنانی فوج میں ملٹری پولیس کی گاڑی بھی تھی۔ حزب اللہ کے متعدد حامیوں نے گشت کا راستہ روکنے کی کوشش کی۔ تاہم آرمی انٹیلی جنس کے ارکان نے ہوائی اڈے کی طرف اس کا راستہ محفوظ کرنے اور پارٹی کے حامیوں کو منتشر کرنے کے لیے کام کیا۔ اس کے بعد حزب اللہ کے حامیوں اور فوج کے درمیان کشیدگی بڑھ گئی۔ حزب اللہ حامیوں کو منتشر کرنے کے لیے ان پر آنسو گیس کی شیلنگ کی گئی۔ سڑک پر افراتفری پھیل گئی۔ پارٹی کے متعدد حامیوں نے فوج کے ارکان پر پتھراؤ کیا۔ جواب میں ہوائی فائرنگ بھی کی گئی۔

مصر میں مسجد سے بچے کی کھوپڑی برآمد، لوگ خوفزدہ: لاش کی عمر کا تعین کرنے کے لیے کھوپڑی کو فرانزک کے لیے بھیج دیا گیا، حکام

قاہرہ (این این آئی) مصر میں ایک چونکا دینے والے اور غیر معمولی واقعے نے شہریوں کو خوفزدہ کر دیا۔ مصر کی ایک مسجد سے ایک کھوپڑی ملی جس نے بڑا ہیجان برپا کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مصر کے مشرقی علاقے سویز گورنری میں اربعین محلے کے لوگ مسجد الاسرا میں ایک بچے کی کھوپڑی دیکھ کر حیران رہ گئے۔ لوگوں نے فوری طور پر سیکورٹی فورسز سے رابطہ کیا۔ فورسز کے اہلکاروں نے جائے وقوع پر پہنچ کر تحقیقات شروع کر دیں۔ امام مسجد نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ جب نماز کے لیے مسجد کھولی گئی تو مسجد کے ایک کونے میں کھوپڑی دیکھ کر نمازیوں اور ان کے ساتھ موجود دیگر افراد نے سوچا کہ یہ ہڈیاں یا بوسیدہ کنکال نہیں بلکہ پلاسٹک کا ایک ٹکڑا ہے اور کوئی ان کو اس احمقانہ مذاق کے ذریعے دھوکہ دینا چاہتا ہے۔ لیکن جب یہ معلوم ہوا کہ یہ حقیقی انسانی کھوپڑی ہے تو لوگ پولیس کو اطلاع دینے پہنچ گئے۔ پبلک پراسیکیوشن نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہے۔ لاش کی عمر کا تعین کرنے کے لیے کھوپڑی کو فرانزک کے لیے بھیجا گیا ہے۔ مصر میں مسجد سے بچے کی کھوپڑی برآمد، لوگ خوفزدہ: لاش کی عمر کا تعین کرنے کے لیے کھوپڑی کو فرانزک کے لیے بھیج دیا گیا، حکام

کینیڈا میں سونے کی سب سے بڑی ڈکیتی میں مطلوب شخص کا بھارت میں سراغ مل گیا

اوٹاوا (این این آئی) کینیڈا میں سونے کی سب سے بڑی ڈکیتی میں مطلوب شخص کا بھارت میں سراغ مل گیا، میڈیا رپورٹس کے مطابق کینیڈا میں 2 کروڑ ڈالر مالیت سے زیادہ کے سونے کی سب سے بڑی ڈکیتی میں اپنے مبینہ کردار کے لیے مطلوب ایئر کینیڈا کے سابق مینیجر 32 سالہ سمرن پریت پنیسر چندی گڑھ کے مضافات میں اپنی اہلیہ پریتی پنیسر اور خاندان کے ساتھ خاموشی سے رہائش پذیر ہیں۔ پریتی جو سابق مس انڈیا یو گنڈا، ایک گلوکارہ اور ایک اداکارہ ہیں، ان کا اس ڈکیتی میں کوئی کردار نہیں ہے۔ 17 اپریل 2023 کو ایک پرواز سوئٹزرلینڈ کے شہر زیورخ سے پیئرسن انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر اتری، جس میں خالص سونے کی 6600 اینٹیں تھیں، جن کا وزن 400 کلوگرام تھا، اور 25 لاکھ کینیڈین ڈالر مالیت کی غیر ملکی کرنسی بھی تھی۔ لینڈنگ کے کچھ دیر بعد کارگو کو ہوائی جہاز سے اتار دیا گیا اور ہوائی اڈے کی ملکیت کسی اور مقام پر پہنچا دیا گیا۔ ایک دن بعد 18 اپریل کو صبح کے اوقات میں کارگو کے لاپتہ ہونے کی اطلاع ملی۔ تقریباً ایک سال کی تفتیش کے بعد پولیس دو ائیر کینیڈین شہریوں کی تلاش میں تھی جو اس گودام میں کام کرتے تھے جہاں سے مبینہ طور پر سونا چوری کیا گیا تھا۔

امارات میں بھارتی شہریوں کے لیے آن آرائیول ویزا پروگرام میں توسیع

بھارتی شہریوں کیلئے نئی ویزا پالیسی کا اطلاق 13 فروری 2025 سے کیا گیا ہے، رپورٹ

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات میں بھارتی شہریوں کے لیے آن آریول ویزا پروگرام میں توسیع کی ہے، 6 ممالک کے ویزا ہولڈرز کو سہولت فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی شہریوں کیلئے نئی ویزا پالیسی کا اطلاق 13 فروری 2025 سے کیا گیا ہے۔ اس سے پہلے ایسے بھارتی شہریوں کو جن کے پاس امریکا کا گرین کارڈ، برطانیہ کا رہائشی پرمٹ یا شنگن ممالک کا کارآمد ویزا ہو وہ براہ راست امارات آسکتے تھے جہاں انہیں ارائیول ویزا جاری کیا جاتا تھا۔ اماراتی امیگریشن نے ان بھارتی شہریوں کو ویزے کے حوالے سے مزید سہولت دی ہے جن کے پاس سنگاپور، جاپان، جنوبی کوریا، اسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور کینیڈا کا رہائشی پرمٹ ہو گا وہ امارات پہنچ کر ویزا حاصل کر سکتے ہیں۔ اس اقدام کا مقصد سیاحت کا فروغ، ٹیلنٹ، سکلڈ ورکرز اور کاروباری افراد کو راغب کرنے کے ساتھ متحدہ عرب امارات کو ایک معروف عالمی مرکز کے طور پر مزید مستحکم کرنا ہے۔ بھارتی شہریوں کیلئے نئی ویزا پالیسی کا اطلاق 13 فروری 2025 سے کیا گیا ہے، رپورٹ



امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو 10 فروری 2025 کو واشنگٹن ڈی سی میں امریکی محکمہ خارجہ کی عمارت میں مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی سے ملاقات کے دوران) اے ایف پی(

ٹرمپ کے اقدامات معطل کرنے والے ججز کیخلاف مواخذے کی کارروائی کا امکان

کچھ ریپبلکن اراکین اس اقدام کی حمایت کر رہے جس سے عدلیہ اور ایگزیکٹو کے درمیان تناؤ مزید بڑھنے کا امکان ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی کانگریس میں ایک نیا بل پیش کیا جا رہا ہے، جس کے تحت ان وفاقی ججز کے خلاف مواخذے کی کارروائی کا آغاز کیا جا سکتا ہے جنہوں نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بعض اقدامات کو معطل کیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کچھ ریپبلکن اراکین اس اقدام کی حمایت کر رہے ہیں، جس سے عدلیہ اور ایگزیکٹو کے درمیان تناؤ مزید بڑھنے کا امکان ہے۔ وائٹ ہاس اور ٹرمپ کے حامی اسے حکومتی اختیارات کی بحالی کے طور پر دیکھ رہے ہیں جبکہ ناقدین اسے عدلیہ کی آزادی پر حملہ قرار دے رہے ہیں۔ ریپبلکن پارٹی کے رہنما اینڈریو کلائیڈ نے اعلان کیا کہ وہ امریکی ضلعی عدالت کے چیف جج جان جے میک کونل جونیئر کے خلاف مواخذے کی قرارداد پیش کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ اسی طرح ایریزونا سے ریپبلکن رکن کانگریس ایلی کرین نے بھی وفاقی جج پال اینگل مائر کے خلاف مواخذے کی تحریک لانے کا عندیہ دیا ہے۔ کچھ ریپبلکن اراکین اس اقدام کی حمایت کر رہے جس سے عدلیہ اور ایگزیکٹو کے درمیان تناؤ مزید بڑھنے کا امکان ہے، رپورٹ

ٹرمپ کے اقدامات معطل کرنے والے ججز کیخلاف مواخذے کی کارروائی کا امکان



لندن فائر بریگیڈ کے مطابق، جمعہ کی سہ پہر تین بجے سے کچھ پہلے میر بیلون میں آگ بھڑک اٹھی، جسے بجھانے کے لیے 20 فائر انجن اور تقریباً 125 فائر فائٹرز روانہ کیے گئے) گوگل میپس، چلٹن فائر ہاس(



اس تصویر میں پناہ گزین امریکہ جانے کا ارادہ ترک کر کے پاناما کی سرحد پار کرنے کے لیے پاناما نیشنل بارڈر سروس کے اہلکاروں سے بات کرتے ہوئے) اے ایف پی / پال مونٹینیگرو(

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

مغل ویلفیئر سوسائٹی تحصیل مرید کے کی گورنر پنجاب سے ملاقات

مغل برادری کے اتحاد اور فلاح وبہبود کیلئے جو کچھ ممکن ہوا کریں گے: گورنر پنجاب سردار سلیم خان



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) مغل ویلفیئر سوسائٹی تحصیل مرید کے کے عہدیداران کی گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے ملاقات سابق ممبر صوبائی اسمبلی مرزا جاوید ظہیر ارشد مغل اصغر مرزا حاجی ارشد مغل داؤد مغل حاجی ذوالفقار مغل عبدالباسط مرزا ایڈووکیٹ محمد شریف مغل اور ڈاکٹر ظفر نذیر نے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے مغل برادری کے اتفاق اور اتحاد سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گورنر پنجاب کا کہنا تھا کہ مغل برادری ملک میں بڑی برادری ہے انکی خدمت کیلئے میں ہر وقت حاضر ہوں گورنر ہاؤس کے دروازے آپ لوگوں کیلئے ہر وقت کھلے ہوئے ہیں جہاں تک ممکن ہوا ان کی فلاح وبہبود اور اتحاد کی مضبوطی کیلئے ہر طرح سے حاضر ہوں مغل برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے اتحاد اور اتفاق میں ہی برکت ہے پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی نمائندہ جماعت ہے جس نے ہمیشہ عام طبقے کی بات کی تعلیم صحت کی سہولیات فراہم کرنا ہمارا فرض ہے جس کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لانے چاہیے میں نے ہمیشہ یہ بات کی کہ حکومتی پالیسیاں لانگ ٹرم ہونی چاہیے تاکہ قانون کی پاسداری ہو اور عوام تک ثمرات پہنچ سکیں۔

عمرہ ادائیگی بڑی سعادت کی بات ہے۔عثمان بٹ، منور سلطانہ

جمیل چوہدری کو ادائیگی عمرہ کی مبارکباد پیش کرتے ہیں: عدیل خان، آصف خان



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ سیالکوٹ و شاہین میڈیا گروپ کیجانب سے صحافی جمیل چوہدری کو ادائیگی عمرہ کے بعد وطن واپسی پر دونوں میڈیا گروپس کے پرنٹ/ الیکٹرانک۔میڈیا عہدیداران وممبران صحافیوں کے ہمراہ استقبال کرتے ہوئے ان پر گل پاشی کی اور پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ سیالکوٹ آفس میں بعدازاں تمام صحافیوں کی تواضع مٹھائی و ہائی ٹی سی کی گئی۔اس موقع پر محمد جمیل چوہدری نے پرتپاک استقبال پر تمام صحافیوں کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے صحافیوں کیلئے دعا کی اور بعدازاں عثمان بٹ، مسز منور سلطانہ، آصف خان، عدیل خان، خواجہ عامر جاوید، تنزیل خان، ملک قمر عباس، ملک عادل منیر، مہر ندیم، مہر شہزاد و دیگر میں مدینہ شریف کی کھجور، تسبیح اور ٹوپیوں کے تحائف تقسیم کیے۔

ٹیم ماہر غذائیات پنجاب فوڈ اتھارٹی نے عازمینِ حج کیلئے آگاہی ٹریننگ سیشن

ہر سال عازمینِ حج کیلئے خصوصی غذائی پروگرام اور آگاہی کیمپ بھی لگایا جاتا ہے: ڈاکٹر محمد قاسم رضا



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزارت مذہبی امور اور ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی کے احکامات کی روشنی میں اور ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز چنیوٹ ڈاکٹر محمد قاسم رضا کی سربراہی میں ٹیم ماہر غذائیات پنجاب فوڈ اتھارٹی نے عازمین حج کیلئے قائم کئے گئے آگاہی ٹریننگ سیشن میں شرکت کی آگاہی سیشن میں منتظمین وزارت مذہبی امور، ٹیم پنجاب فوڈ اتھارٹی، اور بڑی تعداد میں عازمین حج نے شرکت کی ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم رضا کی جانب سے وزارت مذہبی امور کی جانب سے قائم کی گئی آگاہی مہم کو سراہا گیا۔ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز کا کہنا تھا پنجاب فوڈ اتھارٹی عوام الناس کو محفوظ اور متوازن غذا فراہم کرنے میں پیش پیش رہی ہے۔ہر سال عازمین حج کیلئے خصوصی غذائی پروگرام اور آگاہی کیمپ بھی لگایا جاتا ہے ماہر غذایات کی جانب سے آگاہی مہم کا مقصد سعودی عرب جیسے گرم ملک میں عازمین حج کو متوازن غذا، پانی کی کمی سے بچنے کیلئے احتیاطی تدابیر، جسمانی کمزوریوں، پٹھوں کے کھچاؤ اور مہلک بیماریوں بلڈ پریشر، شوگر، قبض، اسہال اور خوراک سے پیدا ہونے والی بیماریوں سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر کو بیان کیا گیا۔عازمین حج کو مفید غذائی اور معلوماتی اشتہارات بھی تقسیم کئے گئے ڈائریکٹر ایکوریٹ حج آفس اور حج ٹریننگ سیشن کے شرکاء نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی آگاہی مہم کو سراہا۔

کانسٹیبلان ولیڈی کانسٹیبلان کی بھرتی کیلئے دوڑ ٹیسٹ کا مرحلہ شروع

جھنگ (بیورو رپورٹ) کانسٹیبلان و لیڈی کانسٹیبلان کی بھرتی کیلئے دوڑ ٹیسٹ کا مرحلہ شروع۔چیمبر مین ریکروٹمنٹ بورڈ ڈی آئی جی خرم شہزاد، ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی اور ایس پی حسام بن اقبال کی زیر نگرانی دوڑ ٹیسٹ کی سخت مانیٹرنگ۔ تفصیلات کے مطابق جھنگ پولیس میں کانسٹیبلان ولیڈی کانسٹیبلان کی بھرتی کیلئے چیمبر مین ریکروٹمنٹ بورڈ ڈی آئی جی خرم شہزاد، ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی اور ایس پی حسام بن اقبال کی زیر نگرانی دوڑ ٹیسٹ کا مرحلہ شروع کر دیا گیا۔ دوڑ کے مرحلے میں 5818 امیدواران شریک ہوں گے جن میں 980 لیڈیز امیدواران شامل ہیں۔ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کا کہنا تھا کہ شفافیت کو یقینی بنانے کیلئے دوڑ کے تمام مراحل کی کیمروں کے ذریعے ریکارڈنگ کی جارہی ہے اور بھرتی کے تمام مراحل 100 فیصد میرٹ پر یقینی بنائے جارہے ہیں۔امیدواران اپنی صلاحیتوں پر یقین رکھیں، نوسر بازوں کی باتوں میں ہرگز نہ آئیں۔ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ بھرتی کے تمام مراحل انتہائی شفافیت اور میرٹ پر مکمل کئے جائیں گے تاکہ اہل امیدوران ہی پولیس کا حصہ بن سکیں۔

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ و وزیر آباد نوید احمد کا اندرون شہر کا ہنگامی دورہ

تجاوزات پر متعدد دوکاندار موقع پر گرفتار، تجاوزات ہٹانے اور آئندہ اجتناب کرنے کی یقین دہانی پر رہا کر دیا گیا



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ و وزیر آباد نوید احمد کا اندرون شہر کا ہنگامی دورہ، تجاوزات پر متعدد دوکاندار موقع پر گرفتار، تجاوزات ہٹانے اور آئندہ اجتناب کرنے کی یقین دہانی پر رہا کر دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن تھرا پنجاب پروگرام کے تحت گوجرانوالہ کو تجاوزات فری بنانے کیلئے ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا اندرون شہر (کھیالی دروازہ، جناح روڈ، کالج روڈ، گوبند گڑھ، گوندلانوالہ روڈ) کے بازاروں اور سڑکوں کا دورہ، انہوں نے تجاوزات کیخلاف ایکشن لیتے ہوئے متعدد دکانداروں کو گرفتار کرلیا۔دوکانداروں کی طرف سے تجاوزات رضا کارانہ طور پر ختم کرنے اور آئندہ کسی بھی قسم کی تجاوزات سے اجتناب کی یقین دہانی کروائی۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وہ خصوصی ٹیموں سے دوبارہ چیک کروائیں گے اور اگر عملدرآمد نہ پایا گیا تو قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، گرفتاریاں عمل میں لائی جائیں گی اور بھاری جرمانے عائد کیے جائیں گے۔انہوں نے دوکانداروں سے مزید کہا کہ وہ اپنی دوکانوں کے باہر کوڑا دان رکھیں، یکساں برینڈنگ کریں، رنگ اپنی برینڈ کے مطابق رکھیں لیکن برینڈنگ یونیفارم ہو۔ایک ہی سائز، بلندی پر بورڈز لگائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ انتظامیہ اور میونسپل کارپوریشن سے تعاون کریں اور تجاوزات سے پاک شاہراہوں/بازاروں کے حکومتی پروگرام کو کامیاب بنانے میں ہمارا ساتھ دیں تاکہ شہر کو خوبصورت اور ٹریفک نظام کو موثر بنایا جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے اس موقع پر کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے گڈ گورننس انیشی ایٹیوز کے تحت ضلعی انتظامیہ شہر کی خوبصورتی کے منصوبوں پر کام کر رہی ہے، تجاوزات کے خاتمے اور غیر قانونی گیس ریفلنگ شاپس کیخلاف باقاعدگی سے آپریشن جاری ہیں اور ضلعی انتظامیہ تمام آپریشنز کو خود مانیٹر کر رہی ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ تھرا پنجاب پروگرام کو کامیاب بنانے کیلئے ضلعی انتظامیہ کا ساتھ دیں اور کوڑا کرکٹ سڑکوں اور چوک چوراہوں پر پھینکنے کی بجائے صفائی عملہ کے حوالے کریں۔کوڑا کرکٹ صرف مخصوص کوڑے دانوں تک پہنچائیں اور صفائی میں معاونت کریں۔

پاکستان زندہ پاک فوج زندہ باد پیغام پاکستان سیمینار کا انعقاد

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) پاکستان زندہ پاک فوج زندہ باد پیغام پاکستان سیمینار سے ممبران امن کمیٹی و دیگر علامہ پیر محمد خالد حسن مجددی، حاجی محمد یوسف کھوکھر، الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی، الحاج سرفراز احمد تارڑ، پروفیسر محمد سعید کلیدوی، صاحبزادہ محمد نعمان صدیقی، حافظ گلزار احمد آزاد، مولانا عثمان غنی بٹ، حافظ عدیل عارف، حافظ شہباز رسول، مولانا ضیاء المرتضیٰ چشتی، پادری عارف سراج، پروفیسر شہزاد لارنس، علامہ ارسلان حیدری اور دیگر نے افواج پاکستان اور قانون نافذ کرنیوالے اداروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی دہشت گردی کے خلاف پوری قوم پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے، سیاست سے بالاتر ہو کر ملکی مفادات کو اولیت دینی چاہیے، ملک کی خودمختاری، سلامتی و استحکام کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، انہوں نے کہا کہ پیغام پاکستان فتوی پر تمام مکاتب فکر کے دس ہزار علماء کرام نے دستخط کئے ہیں، پاک سرزمین کو دہشت اور وحشت کیلئے استعمال نہیں ہونے دیں گے، پاک فوج کے جوان قربانیاں دے کر پاکستان کی سالمیت برقرار رکھے ہوئے ہیں۔دہشت گردی کسی بھی شکل میں ہو قابل قبول نہیں۔

ایم این اے چوہدری ارمغان سبحانی و خالد وسیم ایڈووکیٹ نے پیزا شاپ کا افتتاح کیا



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) ممبر قومی اسمبلی چوہدری ارمغان سبحانی و کنوینیر اتحاد گروپ لائن محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے بڈیانہ میں نجی پیزا شاپ کا افتتاح کیا۔اس موقع پر ان کے ہمراہ سابق صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی سجاول علی وسیم، جی ایم وسیم الیکٹرانکس شمس عمران، چوہدری اشرف سدھو، چوہدری نبیل اشرف سدھو، چوہدری ذوالفقار ملہی اور دیگر رفقاء بھی شامل تھے۔ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم چوہدری نبیل اشرف سدھو اور چوہدری اشرف سدھو کو مبارکباد پیش کرتے ہیں جنہوں نے کاروبار کے فروغ کے لیے کام شروع کیا ہے کاروباری کی بدولت بہت سارے لوگوں کے ذرائع آمدن میں اضافہ ہوتا ہے ہم دل کی اتھاہ گہرائیوں سے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالی ان کے کاروبار میں برکت عطا فرمائے۔

کمشنر ساہیوال نے تھرا پنجاب پروگرام کے تحت پرائیویٹ کنٹریکٹرز سے صفائی پلان طلب کرلیا

شہروں اور دیہاتوں کی صفائی، افرادی قوت اور مشینری کے حوالے سے بھی پلان واضح کیا جائے



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا اے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے تھرا پنجاب پروگرام کے تحت پرائیویٹ کنٹریکٹرز سے صفائی پلان طلب کرلیا، شہروں اور دیہاتوں کی صفائی، افرادی قوت اور مشینری کے حوالے سے بھی پلان واضح کیا جائے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا فوکس شہریوں کو صاف ستھرا ماحول کی فراہمی پر ہے اس لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں، کمشنر کی ہدایت۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار اپنے دفتر میں ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا جس میں سی ای او ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی افتخار احمد، ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، اے سی جنرل رائے فیصل عمران سمیت کمپنی کے عہدیداران اور کنٹریکٹرز نے شرکت کی۔کمشنر شعیب اقبال سید نے کہا ہے کہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول کی فراہمی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کی صفائی کی سرگرمیوں کو دینی اور اخلاقی فریضہ سمجھ کر سرانجام دیا جائے۔انہوں نے کہا کہ صفائی کے حوالے سے انتظامیہ کا بھرپور تعاون کمپنی کے ساتھ ہے اور اس سلسلہ میں حائل تمام رکاوٹوں کو فوری دور کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ہم سب کو مل کر شہر اور اس کے باسیوں کی بہتری کے لئے کام کرنا ہے۔

مغل ویلفیئر سوسائٹی تحصیل مرید کے کی گورنر پنجاب سے ملاقات

مغل برادری کے اتحاد اور فلاح وبہبود کیلئے جو کچھ ممکن ہوا کریں گے: گورنر پنجاب سردار سلیم خان

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) مغل ویلفیئر سوسائٹی تحصیل مرید کے کے عہدیداران کی گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے ملاقات سابق ممبر صوبائی اسمبلی مرزا جاوید ظہیر ارشد مغل اصغر مرزا حاجی ارشد مغل داؤد مغل حاجی ذوالفقار مغل عبدالباسط مرزا ایڈووکیٹ محمد شریف مغل اور ڈاکٹر ظفر نذیر نے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے مغل برادری کے اتفاق اور اتحاد سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گورنر پنجاب کا کہنا تھا کہ مغل برادری ملک میں بڑی برادری ہے انکی خدمت کیلئے میں ہر وقت حاضر ہوں گورنر ہاؤس کے دروازے آپ لوگوں کیلئے ہر وقت کھلے ہوئے ہیں جہاں تک ممکن ہوا ان کی فلاح وبہبود اور اتحاد کی مضبوطی کیلئے ہر طرح سے حاضر ہوں مغل برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے اتحاد اور اتفاق میں ہی برکت ہے پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی نمائندہ جماعت ہے جس نے ہمیشہ عام طبقے کی بات کی تعلیم صحت کی سہولیات فراہم کرنا ہمارا فرض ہے جس کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لانے چاہیے میں نے ہمیشہ یہ بات کی کہ حکومتی پالیسیاں لانگ ٹرم ہونی چاہیے تاکہ قانون کی پاسداری ہو اور عوام تک ثمرات پہنچ سکیں۔

حافظ حسان گورایہ کے چچا جان محمد طاہر گورایہ عرف مٹھو اچانک انتقال کر گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) بزرگ عالم دین حافظ نور محمد گورایہ کے بیٹے اور مدرسہ قاسم العلوم کے مہتمم اعلیٰ حافظ محمد قاسم گورایہ، مفتی محمد طیب گورایہ کے چھوٹے بھائی اور نوجوان قانون دان حافظ حسان گورایہ کے چچا جان محمد طاہر گورایہ عرف مٹھو یہاں اچانک انتقال کر گئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ ونیکے روڈ حافظ آباد پر ادا کی گئی جس میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

شہر میں صفائی ستھرائی کا ٹھیکہ لینے والی نجی کمپنی تاحال گلی محلوں میں صفائی ستھرائی کی حالت بہتر نہ کر سکی

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) شہر میں صفائی ستھرائی کا ٹھیکہ لینے والی نجی کمپنی تاحال گلی محلوں میں صفائی ستھرائی کی حالت بہتر نہ کر سکی۔ایک تو کمپنی کے پاس مطلوبہ ملازمین موجود نہیں اور دوسرا مشینری کا بھی فقدان دیکھائی دے رہا ہے جس سے شہر کی اکثر گلی محلوں کی حالت دن بدن ابتر ہوتی چلی جارہی ہے اور صفائی ستھرائی صرف مین شاہراؤں پر ہی دیکھائی دیتی ہے جبکہ شہر کے نواحی علاقے اور گلی محلے دن بدن جوہڑوں میں تبدیل ہو کر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے تھرا پنجاب پروگرام کا منہ چڑا رہے ہیں۔متاثرہ علاقوں کے مکینوں نے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ شہر کے مضافاتی علاقوں میں صفائی ستھرائی کی ناگفتہ بہ صورت حال کو نوٹس لیکر انکی پریشانیوں کا ازالہ کریں۔

ڈاکٹر عبدالرؤف کمبوہ آل ہومیو پیتھک میڈیکل ایسوسی ایشن کے صدر منتخب

ڈاکٹری کا شعبہ خدمت خلق کا شعبہ ہے: شفاء اللہ کی طرف سے ملتی ہے صرف ہم کوشش کرتے ہیں

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ڈاکٹر عبدالرؤف کمبوہ آل ہومیو پیتھک میڈیکل ایسوسی ایشن کے صدر منتخب گزشتہ روز تقریب منعقد ہوئی جس میں ہومیو پیتھ برادری کی جانب سے ڈاکٹر عبدالرؤف کمبوہ کو کنسلٹنٹ ہومیو پیتھ نامزد ہونے اور AHMA کا صدر بننے پر مبارکباد دی گئی اس موقع پر ڈاکٹر عبدالرؤف کمبوہ کا کہنا تھا کہ ہمارا شعبہ خدمت خلق کا شعبہ ہے ڈاکٹر کو مسیحا کہا گیا ہے ہماری پوری کوشش ہوتی ہے کہ مریض کی صحت کی بہتری کیلئے جہاں تک ممکن ہو سکے اپنی توانائیاں صرف کر کے اپنا کردار ادا کریں شفاء ہمیشہ اللہ تعالی کی طرف سے ملتی ہے ڈاکٹر صرف اپنی کوشش اور محنت سے وسیلہ بنتا ہے ان شاء اللہ آل ہومیو پیتھک میڈیکل ایسوسی ایشن تحصیل مرید کے ڈاکٹرز اور مریضوں کے مسائل کے حل کیلئے جہاں تک ممکن ہوا اپنا کردار ادا کریں گے نارنگ منڈی میں بھی ہسپتال کھول رہے ہیں تاکہ یہاں کے لوگوں کو بھی بہترین طبی سہولیات فراہم کر سکیں۔

کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ کے علاقے میں ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن شروع نہ ہو سکا

کیمبر کنٹونمنٹ بورڈ کے علاقے میں ناجائز تجاوزات کی بھرمار، گلیاں اور بازار سکڑ کر رہ گئے

کیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ کے علاقے میں ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن شروع نہ ہو سکا جس کی وجہ سے کیمبر کنٹونمنٹ بورڈ کے علاقے میں ناجائز تجاوزات کی بھرمار، گلیاں اور بازار سکڑ کر رہ گئے۔شہریوں کا جینا محال، اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کا ناجائز تجاوزات کے خاتمے کا آپریشن بری طرح ناکام بنانے کی کوشش جاری۔کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ کا علاقہ کیمبر ناجائز تجاوزات کی آماجگاہ بن گیا ہے۔ ناجائز تجاوزات مافیا نے سڑکوں اور بازاروں پر قبضہ کر رکھا ہے جس سے سڑکیں اور بازار سکڑ کر رہ گئے ہیں۔ٹریفک کی روانی میں بھی شدید مشکلات پیش آرہی ہیں۔عوام کا متاثرہ چکھوں سے پیدل چلنا بھی محال ہے۔کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ کی حدود میں بسنے والے شہریوں کو اعصاب شکن مسائل کا سامنا ہے۔کنٹونمنٹ بورڈ کے منتخب عوامی نمائندوں اور اعلیٰ افسران نے بوجوہ خاموشی اختیار کر رکھی ہے۔ کیمبر کنٹونمنٹ بورڈ ایریا کی عوام نے نیک نام شہرت کے حامل پی سی ای او اور فرض شناس نئے ایگزیکٹو آفیسر سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ کے علاقہ کیمبر میں ناجائز تجاوزات مافیا کے خلاف آپریشن کرکے سرکاری اراضی واگزار کروائی جائے تاکہ کیمبر کی سڑکیں اور بازار کھلے ہو سکیں اور اپنی اصل حالت میں بحال ہوں۔ نیز جی ٹی روڈ پر واقع تجاوزات کو بھی متعلقہ انتظامیہ کے ساتھ مل کر فوری آپریشن شروع کیا جائے۔

ڈاکٹر عبدالرؤف کمبوہ آل ہومیو پیتھک میڈیکل ایسوسی ایشن کے صدر منتخب

ڈاکٹری کا شعبہ خدمت خلق کا شعبہ ہے: شفاء اللہ کی طرف سے ملتی ہے صرف ہم کوشش کرتے ہیں

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ڈاکٹر عبدالرؤف کمبوہ آل ہومیو پیتھک میڈیکل ایسوسی ایشن کے صدر منتخب گزشتہ روز تقریب منعقد ہوئی جس میں ہومیو پیتھ برادری کی جانب سے ڈاکٹر عبدالرؤف کمبوہ کو کنسلٹنٹ ہومیو پیتھ نامزد ہونے اور AHMA کا صدر بننے پر مبارکباد دی گئی اس موقع پر ڈاکٹر عبدالرؤف کمبوہ کا کہنا تھا کہ ہمارا شعبہ خدمت خلق کا شعبہ ہے ڈاکٹر کو مسیحا کہا گیا ہے ہماری پوری کوشش ہوتی ہے کہ مریض کی صحت کی بہتری کیلئے جہاں تک ممکن ہو سکے اپنی توانائیاں صرف کر کے اپنا کردار ادا کریں شفاء ہمیشہ اللہ تعالی کی طرف سے ملتی ہے ڈاکٹر صرف اپنی کوشش اور محنت سے وسیلہ بنتا ہے ان شاء اللہ آل ہومیو پیتھک میڈیکل ایسوسی ایشن تحصیل مرید کے ڈاکٹرز اور مریضوں کے مسائل کے حل کیلئے جہاں تک ممکن ہوا اپنا کردار ادا کریں گے نارنگ منڈی میں بھی ہسپتال کھول رہے ہیں تاکہ یہاں کے لوگوں کو بھی بہترین طبی سہولیات فراہم کر سکیں۔

دعاؤں کیلئے سول ڈیفنس سیالکوٹ کا تہہ دل سے مشکور ہوں: لائن طاہر مجید کپور

انشاء اللہ رو بصحت ہو کر جلد سیالکوٹ واپسی پر ملاقات کرونگا۔ چیف وارڈن سول ڈیفنس



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ لائن طاہر مجید کپور جو کہ کراچی میں بسلسلہ علاج معالجہ قیام پزیر ہیں ان کا آپریشن کامیاب رہا۔ان کی جلد صحتیابی کیلئے سیالکوٹ بزنس کمیونٹی وتمام مکاتب فکر کے احباب کے ساتھ سول ڈیفنس سیالکوٹ کے ڈپٹی چیف وارڈنز محمد ابراہیم، عبدالستار شیروانی، شبلی شیراز صندل، حفیظ چغتائی، امجد خان، ملک شاہد، ڈویژن وارڈن 1 محمد اسلام میر، ڈویژن وارڈن 2 حمید احمد بٹ و گروپ وارڈنز ڈپٹی گروپ وارڈنز پوسٹ وارڈنز وسول ڈیفنس سیالکوٹ کی جان تمام والنٹیئرز نے دعائیں کیں۔چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے کراچی اسپتال سے جاری اپنے میڈیا بیان میں سول ڈیفنس سیالکوٹ ایجزیکٹوز والنٹیئرز سمیت بزنس کمیونٹی و تمام دعاگو احباب کو پیغام دیا کہ آپریشن کامیاب رہا اور میرے دعاگو تمام رفقاء کاروں کیلئے شکر گزار ہوں۔

پاسپورٹ آفس کے اندر اور باہر چیکنگ کا موثر نظام رائج کیا ہے: گل آصف

ایجنٹ مافیا کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاسپورٹ آفس

سیخوپورہ (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاسپورٹ آفس سیخوپورہ گل آصف نے کہا ہے کہ پاسپورٹ آفس کے اندر اور باہر چیکنگ کا موثر نظام رائج کیا ہے ایجنٹ مافیا کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، ناٹوں کی کمیں تیار کر رکھی ہیں جن کی آنکھ کے اشارے پر موجودگی کی صورت میں فوری کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور گرفتار کروا کر مقدمہ درج کروایا جائے گا۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ ڈائریکٹر پاسپورٹ گل آصف نے کہا کہ اگر محکمہ کا کوئی ملازم کسی قسم کی کرپشن یا کام میں غفلت والا پہلو دار کا مرتکب ہوگا محکمانہ کارروائی کے شکنجے سے بچ نہیں پائے گا۔ سائلین کو کسی قسم کی خاتون سمیت چار ملزمان نے شادی شدہ خاتون کو اغوا کر لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) خاتون سمیت چار ملزمان نے شادی شدہ خاتون کو اغوا کر لیا موضع موکھل پلی کا غریب شاہ اپنی بیوی اور بیٹے کے ہمراہ ختم سے واپس آرہے تھے کہ انہیں راستے میں کار سوار ملزمان علی بہادر، شفیق، نجمہ اور خلیل نے روک لیا اور اس کی بیوی کو زبردستی اغوا کر کے لے گئے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

شراب پی کر غل غپاڑہ کرتا ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) شراب پی کر غل غپاڑہ کرتا ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار تھانہ موترہ پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ پل نہر موترہ پر ملزم لطیف شراب پی کر غل غپاڑہ کر رہا ہے جس کی وجہ سے راہ گیروں کو مشکلات کا سامان کرنا پڑ رہا ہے پولیس نے چھاپہ مار کر ملزم کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے

پتنگ بازی روکنے کے لیے والدین پولیس کے ساتھ تعاون کریں: ایس ایچ او تھانہ یوسف والا

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) پتنگ بازی خونی کھیل ہے پتنگ بازی روکنے کے لیے والدین پولیس کے ساتھ تعاون کریں پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کاروائی ہوگی (اے ڈی شاہین ذیشان اکرم) تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ یوسف والا اے ڈی شاہین اور چوکی انچارج گیمبر ذیشان اکرم نے گیمبر پریس کلب رجسٹرڈ کے سینیئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پتنگ بازی اور پتنگ فروشی قانون جرم ہے ایسا کرنے والے افراد کے خلاف سخت قانونی کاروائی ہوگی پتنگ بازی کے خونی کھیل کو روکنے کے لیے تمام والدین اور میڈیا پولیس کے ساتھ تعاون کریں اپنے گاؤں گلی محلوں اور شہر میں پتنگ فروشوں کی نشاندہی کریں تاکہ ان کے خلاف قانونی کاروائی کر کے انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے ایس ایچ او تھانہ یوسف والا اے ڈی شاہین اور چوکی انچارج گیمبر ذیشان اکرم کا مزید کہنا تھا کہ پتنگ بازی کرنے والے بچوں کے والدین کے خلاف بھی سخت قانونی کاروائی ہوگی انہوں نے مزید کہا کہ اس خونی کھیل کو روکنے کے لیے ہم سب کو متحرک ہونا ہوگا پتنگ فروش قانون کے شکنجے سے بچ نہیں سکیں گے پتنگ فروشوں کا ٹھکانہ جیل کی سلاخیں ہیں

ڈی پی او کا عوام کو تیز ترین سروس ڈلیوری دینے کا تسلسل جاری

کھلی کچہریوں کی وجہ سے پولیس، قانون پسند عوام میں خلیج کم ترین سطح پر آ گئی



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا اے) ڈی پی او کا عوام کو تیز ترین سروس ڈلیوری دینے کا تسلسل جاری، 1 دن میں دفتری امور کے علاوہ 4 مقامات پر کھلی کچہریاں، عوام کی بڑی تعداد میں شرکت، کھلی کچہریوں کی وجہ سے پولیس، قانون پسند عوام میں تیج کم ترین سطح پر آ گئی تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں پولیس کے حوالے سے عوام کو تیز ترین سروس ڈلیوری دینے کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ڈی پی او معمولہ وقت سے پہلے ہی دفتر پہنچ جاتے ہیں، دفتر پہنچتے ہی وہ دفتری امور نمٹانے کے علاوہ بلا روک ٹوک اور چٹ سسٹم کے بغیر ڈی پی او آفس آنے والے سائلین سے ملتے ہیں، ان کے مسائل سن کر فوری طور پر قانونی کاروائی کے احکامات متعلقہ آفیسر کو جاری کرتے ہیں، یہ مثبت ایکسر سائز روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کی عملی شکل اختیار کر گئی ہے، گزشتہ روز ڈی پی او رانا طاہر رحمان نے دفتری امور نمٹانے اور دفتر میں عوام کے مسائل سننے کے علاوہ تھانہ غلہ منڈی کے قصبہ 189 نائن ایل تھانہ کمیر کے علاقہ گورنمنٹ بوائز ہائی سکول خواجہ عارف 118 نائن ایل تھانہ کمیر کے علاقہ خاوند پال کمیر اور 152 نائن ایل گورنمنٹ بوائز ہائی سکول میں یکے بعد دیگرے 4 کھلی کچہریاں منعقد کیں جس میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی، ڈی پی او رانا طاہر رحمان اپنے سامنے مسئلہ بیان کرنے والے مرد و خاتون کو پورے احترامات کے ساتھ بٹھاتے ہیں، اس کا مسئلہ مکمل یکسوئی کے ساتھ سنتے ہیں، جس کے بعد متعلقہ پولیس آفیسر کو فوری قانونی کاروائی کے احکامات جاری کرتے ہوئے اپنے سٹاف کو ہدایات دیتے ہیں کہ تحریری درخواست پر دیئے گئے قانونی کاروائی کے احکامات کی اگلے روز پراگرس رپورٹ لی جائے۔

جہلم شہر و گردونواح میں قصابوں نے سرکاری نرخنامہ ہوا میں اڑا دیا

خود ساختہ مہنگائی کا طوفان برپا، جیبوں پر ڈاکے جاری، انتظامیہ غائب، کوئی پوچھنے والا نہیں محض چند ٹکوں کا جرمانہ ناجائز منافع خوری کا پائیدار حل نہیں ہے

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات ٹیکہ نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ نمبر 1

کام عرصہ دراز سے جاری ہے۔ عوام کو شعراء جانب سے پروگرام پر بھروسہ اور اعتماد ہے لئے اعزاز ملا۔ صوبائی وزیر نے نشانہ صاحب کے علاقوں میں اوباش لوگوں کو سزا دلانے کے لئے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلع کی ہر تحصیل میں ہیلپ لائن قائم کی جائے گی۔ ایل ڈی اے کے افسران یا تھانہ کی انتظامیہ کو فیصلے کے دورے کریں۔ غیر حاضر ملازم کو کوئی رعایت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال پر مقررہ وقت میں ایکشن کے اکنامیوں کی ہدایت کی۔

بقیہ نمبر 2

ڈائریکٹر ایجوکیشن بہاول دوستو، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایجوکیشن عبدالباسط، ایجوکیشن آفیسر نارووال سردار مرد، راز، پوسٹس افسران شاہد جبیاں، نوشین ریحانہ، ایڈیٹر ایجوکیشن ڈیولپمنٹ پروگرام، ایجوکیشن آفیسر ایجوکیشن فیکلم موبائل، پروگرام آفیسر سید دلاور حسین، فرحان رحیم، صفیر احمد، ڈائریکٹر ایجوکیشن ڈیولپمنٹ پروگرام، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر ڈاکٹر شاہد سرور، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر ڈاکٹر جواہد ڈائریکٹر محمد سلیمان، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل ایجوکیشن ڈاکٹر اظہار الحق کو ایک خصوصی تقریب میں تعریفی اسناد دی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 3

زیر زمین پانی اور انتہائی سطحی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ اس سلسلے میں یکجی نے بائیو ٹیکنالوجی کنٹرول آفیسر فرخ دین کے لیے مختصر ٹائم کورس کروانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ہاں ایسے کئی ادارے ہیں جہاں حلال دودھ کیڑے پیدا کیے جا رہے ہیں جو کہ زرعی زمینوں پر انتہائی کم نقصان دہ ہوتے ہیں۔ ہمارے ہاں ایسے کئی ادارے ہیں جو کہ صرف ٹرائی کلوروفارم کے سوالات کے جواب بھی دیتے ہیں۔ ہمارے ہاں کے ادارے کو

روزنامہ "قوت" لاہور (8) منگل 18 فروری 2025ء

نااہل حکمرانوں نے عوام کو سسکنے کیلئے مسائل کی دلدل میں دھکیل دیا، ضیاء الدین انصاری

بجلی گیس کے ظالمانہ بل ادا کرنے کیلئے عوام گھروں کا سامان بیچنے پر مجبور ہے، مہنگی بجلی کنجاؤں کاروباری طبقہ، مزدور اور کسان چیخ پکار کر رہے مگر حکومت غفلت کی نیند سو رہی ہے

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ نااہل حکمرانوں نے عوام کو مسائل کی دلدل میں دھکیل دیا ہے۔ بجلی، گیس اور دیگر یوٹیلیٹیز کے ظالمانہ بل ادا کرنے کیلئے عوام گھروں کا سامان بیچنے پر مجبور ہے۔ مہنگی بجلی کنجاؤں کاروباری طبقہ، مزدور، کسان اور عام آدمی چیخ و پکار کر رہا ہے مگر حکومت غفلت اور بے حسی کی نیند سو رہی ہے۔ شہر لاہور میں حکومت کی نااہلی اور بے حسی کی عوام کو بھاری قیمت ادا کرنا پڑ رہی ہے۔ مہنگائی کے بم برسائے جا رہے ہیں۔ بجلی و گیس اور پٹرول سستا کرنے کے کیس مہنگی کرکے دیئے جا رہے ہیں۔ گراں فروشی اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہو رہی۔ ناجائز منافع خوروں کو کھلی چھٹی دی ہوئی ہے۔ ضیاء الدین انصاری نے کہا کہ جماعت اسلامی ہر مظلوم کی آواز بنے گی اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لئے ہر فورم پر اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، امیر جماعت اسلامی کا ماڈل ٹاؤن میں اجتماع ارکان سے خطاب



لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ و دیگر ماڈل ٹاؤن جنوبی لاہور کے اجتماع ارکان سے خطاب کر رہے ہیں

آفتھلمولوجیکل سوسائٹی آف پاکستان ماہانہ کلینیکل میٹنگ کے موقع پر علمی مباحثوں اور تعزیتی ریفرنس کا انعقاد

اس پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبولؐ سے ہوا

لاہور (سٹاف رپورٹر) آفتھلمولوجیکل سوسائٹی آف پاکستان کی ماہانہ کلینیکل میٹنگ 15 فروری کو ایکڑ آف آفتھالمالوجی اینڈ ایڈیٹوریل کونسلر، پروفیسر ڈاکٹر جاوید اقبال چوہدری کی زیر صدارت پروفیسر ڈاکٹر جاوید سائنسز، پیپر ہسپتال لاہور کے اسسٹال سمپوزیم ہال میں منعقد ہوئی۔ اس پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبولؐ سے ہوا، جس کے بعد سوسائٹی کے سیکرٹری جنرل پروفیسر ڈاکٹر فیصل ملانہ نے سوسائٹی کی سالانہ رپورٹ پیش کی۔ اجلاس کی صدارت اور اس کی علمی میٹنگ کی نگرانی کے فرائض پروفیسر ڈاکٹر جاوید اقبال چوہدری نے انجام دیئے، جبکہ جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر عاصر چوہدری نے اس کا اسٹال سمپوزیم کے ممتاز اراکین پر مشتمل پروفیسر ڈاکٹر کلیل الرحمٰن نے کیا۔ اس کے بعد

لاہور، بیوی کی غیر موجودگی میں ملازمہ سے زیادتی کا ملزم گرفتار

ملزم طاہر نے کام کے بہانے ملازمہ کو گھر پر بلا کر زیادتی کا نشانہ بنایا، پولیس حکام

لاہور (خبر نگار) لاہور پولیس نے بیوی کی غیر موجودگی میں گھریلو ملازمہ سے زیادتی کرنے والے شخص کو گرفتار کرلیا۔ تر مان لاہور پولیس کے مطابق شالامار میں 15 اپریل کو موصول ہونے کے بعد مقدمہ کا اندراج کر دیا گیا۔ ملزم طاہر کی بیوی کی کام کے لئے گھر سے باہر گئی ہوئی تھی۔ ملزم نے ملازمہ کو کام کے بہانے اپنے گھر بلایا اور زیادتی کا نشانہ بنایا۔ پولیس حکام نے مقدمہ کا کہنا ہے کہ خواتین کا استحصال کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

محکمہ انسانی حقوق واقلیتی امور کا الحمرا آرٹس کونسل میں انٹرفیتھ ہم آہنگی سیمینار

صوبائی وزیر اقلیتی امور میش سنگھا روڑہ کی خصوصی شرکت، پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق سونیا عاشر اور دیگر کی بھی شرکت



محکمہ انسانی حقوق واقلیتی امور کا الحمرا آرٹس کونسل میں انٹرفیتھ ہم آہنگی سیمینار میں صوبائی وزیر اقلیتی امور میش سنگھا روڑہ کی خصوصی شرکت کے موقع پر فوٹو

لاہور (HR&MA) محکمہ انسانی حقوق و اقلیتی امور کی زیر اہتمام الحمرا آرٹس کونسل میں انٹرفیتھ ہم آہنگی پر ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ سیمینار کا آغاز مقدس کتب کی تلاوت سے ہوا، جن میں قرآن مجید، بائبل، بھگوت گیتا اور گرنتھ صاحب شامل تھے، جو تمام مذاہب میں امن اور محبت کا پیغام اجاگر کرتے ہیں۔ محمد یوسف، ڈائریکٹر انسانی حقوق نے اس تقریب کی میزبانی کی، جبکہ علی بہادر قاضی، سیکرٹری انسانی حقوق واقلیتی امور نے شرکاء اور مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے اپنے ابتدائی خطاب میں اتحاد المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینے کی اہمیت اور پنجاب حکومت کے اس عزم (بقیہ نمبر 67)

ستھرا پنجاب پروگرام لاہور ڈویژن کے 4 اضلاع کا جائزہ

وزیر بلدیات کا نکانہ کے بعض علاقوں میں اہداف پورے نہ کرنے کا نوٹس، تمام دیہی علاقوں تک ایک ہفتے میں پہنچنے کی ہدایت

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا ویژن تحریک کی شکل اختیار کر رہا ہے، ستھرا پنجاب کا مطلب ہے کسی بھی جگہ گوڑا جمع نہ ہو، ڈپٹی کمشنر

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر ستھرا پنجاب پروگرام کا مکمل اور جارحانہ آپریشن کے سلسلے میں وزیر بلدیات ڈپٹی کمشنر لاہور کے ساتھ میں اجلاس ہوا جس میں لاہور ڈویژن کے چار اضلاع میں ستھرا پنجاب پروگرام کے جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل الحسن، چیف سیکرٹری آسیہ فل اور کنٹریکٹرز نے شرکت کی۔ لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی (ایل ڈبلیو ایم سی) کے ایم او ایز بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ڈویژن کے 12 تحصیلوں میں کام کر رہے ہیں۔ پنجاب پروگرام کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل الحسن، چیف سیکرٹری آسیہ فل اور کنٹریکٹرز نے شرکت کی۔ لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی (ایل ڈبلیو ایم سی) کے ایم او ایز بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ڈویژن کے 12 تحصیلوں میں کام کر رہے ہیں۔ جس میں لاہور ڈویژن کے چار اضلاع میں ہدف سے کم صفائی پر برہمی ظاہر کی۔ ڈپٹی کمشنر لاہور نے کہا کہ